
شیخ رشید احمد : opposed لیکن جناب والا ! میں نے ان سے گزارش کی ہے کہ ہم یہ بل قومی اسمبلی میں لا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ آپ سینٹ میں لائیں ہم تیار ہیں۔ جناب ! سینٹ میں لانے کے لئے ....

جناب چیئرمین : شاہ صاحب سے پوچھ لیتے ہیں۔ جی شاہ صاحب ! یہ بل ہے کیا ؟

Syed Abdullah Shah: Sir, I talked with the Minister outside the House, he said that the Government, itself, is also bringing the same type of legislation in the Senate and, therefore, he told me that I should request you to defer this till the next week.

جناب چیئرمین : تو آپ کے بل کا مقصد کیا ہے' آپ اس میں کیا چیز لانا چاہتے ہیں ؟

Syed Abdullah Shah: Sir, there is an Advisory Committee under this Act and there is no elected representative on that Advisory Committee. So, under my amendment I have suggested............

that now we have a democratic set up, so there should be one M.N.A. from each province and one Senator from each province on that Advisory Committee constituted by the Government.

Mr. Chairman: Right, it is deferred. Next is in the name of Faridullah Khan *i.e.*, to introduce the Capital Development Authority (Amendment) Bill, 1991.

فریداللہ خان صاحب نے ریکویسٹ بھیجی ہے وہ آج یہاں پر حاضر نہیں ہو سکیں گے اور انہوں نے اجازت چاہی ہے اس کو بھی ڈیفر کر دیا جائے۔ کیا آپ اجازت دیتے ہیں ؟ چلو یہ بھی ڈیفر ہو گیا۔

Next we come to motions. There is a motion by Tariq Chaudhry that the House may discuss the deteriorating law and order situation in the country. Yes, Tariq Chaudhry Sahib.

جناب محمد طارق چوہدری : شکریہ جناب چیئرمین صاحب ! میں اس کی کوئی تیاری نہیں کر سکا ہوں۔ میں رات کو یہاں واپس آیا ہوں میں چاہوں گا کہ اس کو ہمارا نیکسٹ جو پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے اس میں یہ پہلے نمبر پر آجائے۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے۔ ڈیفر ہو گیا۔ اگلی پروفیسر خورشید احمد صاحب کی ہے۔ وہ بھی یہاں پر نہیں ہیں ان کی بھی ریکوئسٹ آئی ہوئی ہے یہ بھی ڈیفر ہو گیا۔ منظور گچکی صاحب !

He is to move that the House may discuss the overall performance of the Pakistan Railways with particular reference to Balochistan Province.

جناب منظور احمد خان گچکی : کیا میں move کروں ؟

جناب چیئرمین : ریلوے کے وزیر کون ہیں ان کو بلوائیں۔ In the mean time آپ شروع کر دیں۔ وزیر بیٹھے ہیں آپ موو کر دیں۔ بلور صاحب ! کو بھی بلاتے ہیں۔

چوہدری امیر حسین : اس میں میری گزارش ہے کہ بلور صاحب شاید out of country ہیں

جناب چیئرمین : ان کا ڈپٹی بھی تو ہے۔
چوہدری امیر حسین : اس کو ڈیفر فرمالیں۔
جناب چیئرمین : چلیں جی ڈیفر ہو گیا۔ پھر ہے

Syed Ishtiaq Azhar to move that the House may discuss the present banking system in the country.

DISCUSSION ON THE BANKING SYSTEM IN THE COUNTRY

چلیں جی اشتیاق اظہر صاحب بینکنگ سسٹم پر آیئے۔

سید اشتیاق اظہر : جناب چیئرمین ! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے اس قرارداد پر بحث کا موقع دیا بینکنگ سسٹم کے بارے میں صورت حال ایوان کے ارکان کے سامنے بھی ہے اور ملک کے عوام کے سامنے بھی ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ جب سے یہ بنک نیشنلائیز کئے گئے تھے اس وقت سے ان بنکوں کی جو کارکردگی رہی ہے اس کا اندازہ آپ خود لگا سکتے ہیں کہ حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ان کو denationalize کیا جائے۔ یہ اور بات ہے کہ denationalization کے process میں بعض ایسی باتیں مشاہدے میں آئی ہیں جس پر سینٹ کے ارکان کے ایک طبقے ہی کو اعتراض نہیں ملک کی بہت بڑی تعداد کو بھی اعتراض ہے اور ابھی کو آپریٹو سکینڈل کے حوالے سے بھی مسلم کمرشل بنک کی جو کارکردگی بھی سامنے آ رہی ہے وہ بھی سب کے سامنے ہے۔ جس وقت مسلم کمرشل بنک فروخت کے لئے پیش کیا تو جو highest bid آئی تھی اس کو ignore کر دیا گیا۔ اس کو ignore کرنے سے ایک ایسے طبقے اور ایک ایسی پارٹی کو favour کیا گیا جو اس کی اہل نہیں تھی۔ یہ بڑی دھاندلی تھی اب جب واقعات سامنے آ رہے ہیں کہ ایک خاص پارٹی کو مسلم کمرشل بنک بیچنے کا اصل مقصد کیا تھا اور وہ مقصد بھی اب اخبارات میں چھپ چکا ہے اور بڑا unpleasant ہے۔ میں اس کا ذکر یہاں کرنا پسند نہیں کروں گا۔ اگرچہ privatization کا عمل قابل تحسین ہے قابل پذیرائی ہے لیکن اس میں اگر دھاندلی نہ ہو جیسے کہ ایک بنک کے سلسلے میں دھاندلی ہو چکی ہے دوسرے بنکس بھی نیشنلائز ہونے والے ہیں۔ میری مراد یہ ہے کہ یہ بات تو سب نے تسلیم کر لی ہے ہمارا

موجودہ بنکنگ سسٹم نیشنلائز ہونے کے بعد بری طرح فیل ہو چکا ہے اور بنکنگ کونسل کو اس سلسلے میں اختیارات دے کر اور سٹیٹ بنک کے کردار کو کمزور بنانے کے نتیجے میں یہ جو فراڈ سامنے آرہے ہیں ان کے حوالے سے اس سے پہلے بھی ایوان کے ایک اجتماع میں میں نے نشاندہی کی تھی اور جناب سرتاج عزیز صاحب نے انکوائری کا وعدہ کیا تھا لیکن ابھی تک اس انکوائری سے ایوان کو آگاہ نہیں کیا گیا' ہو سکتا ہے چونکہ وہ بہت مصروف آدمی ہیں ان کے پاس اتنا وقت نہ ہو۔ بہرحال اس وقت بھی بنکنگ کونسل کے حوالے سے باتیں کی گئی تھیں۔ سینٹ کے اس اجلاس میں بھی اور بقیہ اجلاس میں بھی کئی سوالات بنکنگ کونسل کے بارے میں کئے گئے ہیں۔ میری مراد یہ ہے کہ بنکنگ سسٹم as such فیل ہو چکا ہے۔ بنکوں سے اس طرح سے قرضے لئے گئے ہیں۔ اگر میں یہ بات کہوں کہ بنکوں میں اب سرمایہ نہیں رہا تو یہ بات سراسر غلط نہیں ہوگی۔ اس کو مبالغہ آرائی تو کہہ سکتے ہیں اور ہمارے وزیر خزانہ بھی یہی کہیں گے لیکن سب جانتے ہیں کہ بنک کے حالات کیا ہیں بنکوں میں سرمائے کی پوزیشن کیا ہے اور کس طرح سے بنکوں سے ناجائز فائدہ اٹھا کر پورے ملک کی معیشت کو خراب کرنے کی کوشش کی گئی۔

ماضی میں بھی کارکردگی یہ تھی کہ ہمارا بنکنگ سسٹم بہت اچھا تھا اس کو دانستہ طور پر نیشنلائز کر کے ایک خاص طبقے کے مفادات کو آگے لے جانے کی کوشش کی گئی اور اس طرح سے بغیر کسی گارنٹی کے قرضے دیئے گئے جس کی وجہ سے بنکنگ سسٹم اس وقت بھی کریش ہو چکا ہوتا اگر وہ حکومت ختم نہ ہوتی' اب بھی کم و بیش صورت حال یہی ہے کہ بنک تو موجود ہیں اور کیفیت یہ ہے کہ بنک موجود ہونے کے بعد بھی کئی بنک ایسے ہیں جن میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نہیں ہیں اور بعض بعض بنکوں میں دو ایک افراد ہی سارا کام چلا رہے ہیں۔ صورت حال یہ ہے کہ برسوں سے لوگوں کی ترقیاں رکی ہوئی ہیں۔ بہت سے بنک کے ایسے ملازمین ہیں جو انتہا کو پہنچ چکے ہیں جو اپنے گریڈ کی لمٹ کو چھو چکے ہیں ان کو موو اوور نہیں دیا جا رہا۔ میں کس کس بات کا ذکر کروں بنکنگ سسٹم ہمارا اتنا خراب ہے اور اس میں اتنی خرابیاں پیدا ہو چکی ہیں اس میں اتنی inefficiency میں سمجھتا ہوں کہ اس پر ایوان کو پوری سنجیدگی سے غور کرنا چاہئے۔ اس سلسلے میں کوئی کمیٹی مقرر کی جائے تو بہتر ہو گا تاکہ وہ پورے بنکنگ سسٹم کا جائزہ لے کر ہمارے وزیر خزانہ کو اس صورت حال کو بہتر

بنانے میں مدد دے سکے اور تجاویز پیش کر سکے اور یہی مقصد تھا کہ میں نے آج اس قرارداد کو اس ایوان میں پیش کیا ہے۔

(اس موقع پر میڈم ڈپٹی چیئرمین (ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی) کرسی صدارت پر متمکن ہو ئیں)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : کوئی اور اس پر بولنا چاہے گا۔ جناب سرتاج عزیز صاحب !

جناب سرتاج عزیز : میں جناب اشتیاق اظہر صاحب کا مشکور ہوں انہوں نے اس موضوع پر موشن کر کے مجھے یہ موقع دیا۔ میں اس سلسلے میں جو اصلاحات اور جو improvements ہو رہی ہیں وہ ایوان کو بتاؤں۔ میں بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ بنکوں کو نیشنلائز کرنے کا جو فیصلہ 74ء میں کیا گیا تھا وہ بہت غیر مناسب فیصلہ تھا۔ اس سے ہماری معیشت کی ترقی پر بہت برا اثر پڑا کیونکہ نیشنلائزڈ بنکوں پر جو سیاسی دباؤ ہے وہ وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتا گیا زیادہ تر بنکوں میں بھرتی کے سلسلے میں بھی اور قرضوں کے سلسلے میں بھی۔ جس کی وجہ سے بنکوں کی کارکردگی ان کی کوالٹی آف سروس' ان کا loan portfolio ان کی bad debt وہ تمام کی تمام آپ آج کسی بھی نیشنلائزڈ بنک کے دفتروں میں چلے جائیں وہ سرکاری دفاتر کی طرح ہیں اور ویسا ہی وہاں پر ماحول ہے اور اس کے مقابلے میں کسی بیرونی بنک میں چلے جائیں تو آپ کو فرق معلوم ہو گا کہ efficiency کا معیار اور سروس کا معیار دونوں میں کیا ہے۔ ہمارے ہاں اس وقت 6 نیشنلائزڈ کمرشل بنک ہیں جن میں دو partially de-nationalize کئے جا چکے ہیں اور 21 فارن بنک ہیں۔ ہمارے 6 بنکوں کی کل برانچیں 6984 ہیں اور 121 باہر ہیں اور 21 جو فارن بنک ہیں ان کی صرف 68 برانچیں ہیں اور ہماری 6984 برانچوں کا منافع وہ بھی زیادہ تر کاغذی ہے جو 186 کروڑ ہے اور فارن بنک کی جو برانچیں ہیں ان کا 151 کروڑ ہے۔ rate of return 45 فیصد ہمارا rate of return 13 فیصد اگر bad debt کا پورا انتظام کیا جائے تو وہ ۱۳ فیصد ہے حالانکہ monopoly سے کافی کم ہو

گا۔ ظاہر ہے کہ فارن بنک صرف شہروں میں ہیں ہمارے بنک دیہاتوں میں ہیں
selected customers بڑے بڑے customers ڈیل کرتے ہیں۔ ہمارے بنک
چھوٹے customers سے بھی ڈیل کرتے ہیں۔ زراعت پیشہ لوگوں کو بھی دیتے ہیں۔ کچھ
نہ کچھ فرق تو justified ہے لیکن اس وقت جو حالت ہے وہ justified نہیں ہے۔
اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ denationalization کا جو فیصلہ ہے وہ بہت اہم فیصلہ ہے
تاکہ ہمارے بنک جو ہیں وہ commercial lines پر چلیں، زیادہ فعال ہوں، اچھی
service provide کر سکیں اور میرٹ پر investment financing کر سکیں۔ اس
لئے privatization کے ساتھ ساتھ ہم نے نئے کمرشل بنکوں کو بھی اجازت دی ہے
تاکہ پرائیویٹ بنک آگے آ سکیں۔

اس کے علاوہ جو non-banking financial institutions ہیں اس میں
DFIs ہے، یہ بارہ ہیں۔ اس کے علاوہ بے شمار specialized institutions
ہیں۔ جو چھوٹے چھوٹے لوگوں کے قرضے فراہم کرتے ہیں۔ مثلاً YIPs, Small
Business Finance Corporation اور Regional Development
Finance Corporation، بھی موجود ہے۔ اس میں جو زیادہ important
reforms ہیں وہ فنانشل سیکٹر کی reforms ہیں تاکہ جو credit system ہے اس میں
حکومت نہ صرف یہ کرتی تھی کہ حکومت کے لئے زیادہ قرضے لیتی تھی، کریڈٹ کا زیادہ حصہ
لیتی تھی اور پرائیویٹ سیکٹر کے پاس بہت کم گنجائش ہوتی تھی تو financial Sector reform
banking reforms کا، ایک بہت اہم پہلو ہے تاکہ جتنا بھی ہمارا فنانشل نظام ہے، اس
کی ایلوکیشن تجارتی اور مارکیٹ ریٹ کے مطابق ہو۔ پرائیویٹ سیکٹر کو کریڈٹ حاصل کرنے
میں زیادہ دقت نہ ہو۔ تو کمرشل بنک آنے کے ساتھ ساتھ اور فنانشل سیکٹر کی reforms
آنے کے ساتھ، یہ improvement بھی انشاءاللہ سامنے آئیں گی۔ اس سلسلے میں، میں اس
تجویز کی تائید کرتا ہوں کہ جو متعلقہ فنانس کی سٹینڈنگ کمیٹی ہے، وہ اگر اس موضوع پر ایک
سیشن کرنا چاہے تو ہم بڑی خوشی سے ان کے سامنے جو اصلاحات کر رہے ہیں اس کی تفصیل
پیش کریں گے چہ جائیکہ نئی کمیٹی تشکیل دے کر اس کے سامنے یہ تفصیلات پیش کی جائیں۔
انشاءاللہ اس پروگرام کے ایک دو سال میں کافی مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔ کیونکہ ہمارا

جو privatization اور de-regulation کا جو عمل ہے' اگر ہم صرف انڈسٹری کو de-regulate کریں کہ کوئی permission کی ضرورت نہیں ہے اور لوگوں کو پھر بھی سرکاری بنکوں میں جا کر سیاسی اثر و رسوخ استعمال کر کے یا رشوت دے کر قرضے لیتے ہوں' تو وہ جو de-regulation کا عمل ہے وہ ادھورا رہ جاتا ہے۔ تو یہ financial sector reform ہماری de-regulation پالیسی کا ایک بہت اہم حصہ ہے۔ اس سے ہم نے ابتدا کی ہے' وہ اس لحاظ سے بہت اہمیت رکھتا ہے۔

میں آخر میں عرض کرتا ہوں کہ ایک نکتہ اٹھایا گیا ہے کہ جو de-nationalization کا عمل ہے یہ صحیح ہونا چاہئے۔ اس پر کل بات ہو چکی ہے۔ میں پھر اس بات کا اعادہ کرتا ہوں کہ ایم سی بی کا جو فیصلہ تھا اس میں صرف highest bidder کی بات نہیں ہوتی' انڈسٹری میں highest bidder کو کیس جاتا ہے' بنکنگ میں prequalification کا عمل بہت ضروری ہے تاکہ ایک پارٹی اس قابل سمجھی جائے کہ............... (مداخلت)

Mr. Hasan A. Shaikh: Point of Order. Were these prequalifications advertised or publicised in the papers before the bids were invited?

Mr. Sartaj Aziz: The bids were invited even for MCB in two envelops—Envelop 'A' which gives. اس میں تین criteria تھے' اس کا انکم ریکارڈ کیا ہے' اس کا loan record کیا ہے' اس کا corporate behaviour کیا ہے۔ اس کی بنا پر جو کمیٹی بنی تھی ان کی رپورٹ اگر آپ چاہیں تو میں متعلقہ سٹینڈنگ کمیٹی میں پیش کر سکتا ہوں جس میں انہوں نے تمام پارٹیوں کے متعلق جو جو رائے دی تھی وہ درج ہے۔ کون سا کیس' کیوں نہیں ہے' اس کی تفصیل موجود ہے۔ ممبر صاحبان کو میں کل صبح بھجوا دوں گا کہ وہ اسے پڑھ لیں تاکہ جس پارٹی کے بارے وہ بات کر رہے ہیں' اس کو prequalify کیوں نہ کیا گیا۔

جناب منظور احمد خان گچکی: پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: پوائنٹ آف آرڈر' جناب منظور احمد گچکی صاحب!

جناب منظور احمد خان گچگی : میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ یہ mover ہیں اس لئے move کے بعد جو ہے 'اس پر debate ہوتی ہے 'تو کیا وزیر صاحب جو ہیں وہ کیا اس پر اپنی winding-up تقریر کر رہے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : میں نے تو یہی پوچھا تھا کہ اس پر کون بولنا چاہتا ہے 'لیکن

جناب منظور احمد خان گچگی : ایسا نہیں کہا۔ Nobody said anything.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں جی 'میں نے کہا ہے۔

(مداخلت)

میں نے اس پر پوچھا تھا کہ کیا کوئی اس پر کوئی بولنا چاہتا ہے 'تو اس پر کسی نے جواب نہیں دیا۔ اس کے بعد میں نے سرتاج عزیز صاحب کو کہا ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : نہیں جناب۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : میں نے کہا تھا لیکن آپ لوگ باتوں میں مصروف تھے۔ اشتیاق اظہر صاحب کی تقریر ختم ہونے کے بعد I asked them کہ کون اس پر بولنا چاہتا ہے۔ آپ سب اس وقت باتوں میں مصروف تھے 'جب آپ کی طرف سے کوئی نہیں اٹھا تو پھر میں نے سرتاج عزیز صاحب کو تقریر کے لئے کہا ہے......

(مداخلت)

جناب منظور احمد خان گچگی : جناب نہیں 'ایسی بات نہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : میں نے یہی کہا تھا کہ کوئی اور معزز رکن بولنا چاہتے ہیں تو وہ تقریر کیلئے کہیں۔ لیکن کسی نے بھی ہاتھ نہیں اٹھایا۔ آپ تو اس وقت باتوں میں لگے ہوئے تھے۔ اعجاز جتوئی صاحب اور حافظ حسین احمد صاحب' آپ اس وقت باتوں میں لگے ہوئے تھے۔ میں نے تو اس لئے کہا تھا کہ کوئی اور معزز رکن بولنا چاہتے ہیں تو بتائیں۔

Mr. Hasan A. Shaikh: At least I have not heard this and we are being treated as school children.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں جی میں نے پوچھا ہے۔ Nobody said any thing.

Mr. Hasan A. Shaikh: I have not at least heard these words. I was sitting here.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : تو پھر میں نے سرتاج عزیز صاحب سے کہا ہے کہ آپ تقریر کریں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : آپ نے فوری طور پر سرتاج عزیز صاحب کو تقریر کے لئے کہہ دیا ہے۔ ہم سے پوچھا نہیں ہے۔

جناب منظور احمد خان گچکی : جناب والا ! یہ تو اہم مسئلہ ہے اس پر سب نے بولنا ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جی ! بالکل ہم اس پر بولیں گے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : کیا آپ اس پر آج ہی بولنا چاہتے ہیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جی' فرمایئے !

اخونزادہ بہرہ ور سعید : پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جی ! آپ کی طرف سے شروع کر دیتے ہیں۔ بہرہ ور سعید صاحب ! آپ بھی بولنا چاہتے ہیں۔ آپ پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : میں جناب ! گورنمنٹ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ کی وساطت سے کہ آپ گورنمنٹ کو advice کریں کہ اگلے ہفتے وہ فارن پالیسی اور لاء اینڈ آرڈر پر اس ہاؤس میں discuss کروائے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : یہ معاملہ پہلے ہی زیر تجویز ہے لیکن وزیر خارجہ available نہیں اس لئے یہ اس تجویز کو defer کر رہے ہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : اگلے ہفتہ یہ دونوں وزیر 'یعنی وزیر داخلہ اور وزیر خارجہ موجود ہونے چاہئیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : یہ چیز وزراء کی availability پر depend کرے گی۔ جناب عبدالرحیم خان مندوخیل صاحب۔

سید فصیح اقبال : جناب والا ! میرا Foreign Affairs پر موشن ہے۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : جناب چیئرمین ! ہم اس پر تو وزیر خزانہ

صاحب سے معذرت کرتے ہیں کہ انہوں نے کافی تقریر کرلی تھی۔ تاہم آپ نے ہمیں اتنا وقت نہیں دیا تھا کہ ہم اپنا نام لکھوا سکتے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : میں نے تو کہا ہے جی..........!

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : ٹھیک ہے جی ! آپ نے کہا ہو گا لیکن ابھی ہم تیاری کر رہے تھے' معذرت کے ساتھ کہتا ہوں کہ آپ نے وزیر صاحب کو کھڑا کر دیا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اس میں تو تیاری کی ضرورت ہی نہیں تھی۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل : "تیاری" کے معنی یہ ہیں کہ ہم کوئی "فیصلہ" کر سکتے۔ بہرحال جناب چیئرمین ! میں عرض کرتا ہوں کہ یہ جو بنکوں کے بارے میں جو معاملہ یہاں پیش کیا گیا ہے کہ ہم اس کو ڈسکس کریں' اس کا بنیادی تعلق ہمارے معاشی نظام سے ہے۔ بالخصوص جب نیشنلائز یشن کی گئی' جیسے کہ ابھی وزیر صاحب نے فرمایا اور بعد میں بھی وہ کچھ کہنے کا حق رکھتے ہیں اور اس میں مزید وضاحت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ کے تحت جو ادارے ہیں ان کی efficiency خراب ہو رہی ہے۔ ہمارے اداروں کی efficiency اور باہر کے بنکوں کی efficiency کے حوالے سے عرض کرتا ہوں کہ گورنمنٹ یا پبلک کے جو بنک ہیں' ان کی کارکردگی میں فرق ہوتا ہے۔ پبلک کے بنک کی اپنی ایک aspect یہ ہوتی ہے' اس کی ایک advantage یہ ہے کہ وہ گورنمنٹ کے democratic representatives کے تابع بنک ہے۔ ایک ایسا ادارہ ہے جس سے پوچھا جا سکتا ہے کہ جیسے کہ ابھی ہم پوچھ رہے ہیں کہ ہمارے بنکوں کی کیا پوزیشن ہے۔ لیکن وہ بنک جو پرائیویٹ بنک ہے جیسے کہ ابھی ایک بنک بی سی سی آئی تھا جس کا سکینڈل دنیا نے دیکھا۔ میں اس کے بارے میں on facts, on merits کوئی فیصلہ نہیں دے سکتا ہوں لیکن اس کے بارے میں ایک بات واضح ہو کر سامنے آ گئی ہے کہ تمام دنیا میں ہیروئن کی' اسلحہ کی' بلکہ قتل' پولیٹیکل قتل' باقاعدہ mercenary کی حیثیت سے وہ کر رہے تھے۔ اس میں میں on merits نہیں کر رہا ہوں لیکن یہ سب کچھ ہوا ہے۔ ان بنکوں کا' پرائیویٹ بنکوں کا کریکٹر یہ رہا ہے۔ جو نیشنلائزڈ بنک ہوتے ہیں وہ چونکہ representative banks کے تابع ہوتے ہیں' وہ accountable ہوتے ہیں' یعنی ان کی accountability ہے۔ اس میں ایک

خاص بہتری ہے۔ ابھی وزیر صاحب نے پرائیویٹ بنکوں کے حوالے سے بیرونی بنکوں کا حوالہ دیا ہے۔ ان کی بزنس جو ہے وہ بہتر ہے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارے جو بنک ہیں ان کی جو بزنس ہے وہ یہ ہے کہ ان کے مقابلے میں فارن کے بنک رکھے گئے ہیں۔ ہمارے اپنے بنکوں کو protection نہیں ہے۔ کیوں ایسا کوئی طریقہ نہیں نکالا جاسکتا جو کہ نکالنا چاہئے کہ ہماری اپنی نیشنل پروڈکشن، ہماری اکانومی، ہماری بنکنگ جو ہے اس کو protection ملنی چاہئے۔ یہاں argue کیا جاسکتا ہے کہ protection جو ہے اس میں یہ یہ نقصانات ہوں گے لیکن تمام یورپ میں، تمام امریکہ میں، ہر چیز کی protection ہے۔ ہر چیز پر مختلف ٹیرف کا سسٹم بنایا گیا ہے، ان کو اپنا protection حاصل ہے اور جب ہماری کوئی ایسی بات ہوتی ہے جیسے production ہے، انڈسٹری ہے، ہماری بنکنگ ہے، تو اس میں ہم کو مجبور کیا جاتا ہے کہ آپ protection نہ کریں اور اس کے بعد جو یورپ اور ورلڈ کے Imperialist banks ہیں وہ ہماری تمام دولت جو ہے، اپنے قبضے میں لے لیتے ہیں اور پھر وہ جو ان کی حیثیت ہے وہ monopoly کی ہے۔ monopoly کے معنی ہیں ۔ جب ان کی monoply ہے تو ہمارے کسی بھی بنک کو کسی گھنٹے دیوالیہ کر سکتے ہیں۔ میں اس بات کو اس رنگ میں بھی لا سکتا ہوں کہ مثلاً .B.C.C.I کی ایک جو بات ان کی favour میں جا رہی ہے وہ یہ ہے کہ شاید world کے اس امپیر لسٹ بنکوں کو .B.C.C.I کا بنک ناپسند تھا۔ اگر میرے arguments میں یہاں تضاد بھی آ رہا ہے لیکن اس میں ایک پوائنٹ یہ ہے کہ بی سی سی آئی کا بنک جو تھا چونکہ وہ flourishing bank تھا یہاں کے لوگوں کا بنک تھا اور یورپ کے بنکوں اور حکومتوں کو یہ بنک پسند نہیں تھا اور اس لئے انہوں نے یہ تماشا بنایا۔ پھر یہ بذات خود ایک میرٹ کا مسئلہ ہے۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ ہماری پارلیمنٹ کی کمیٹی بالکل عدالتی انداز میں اس کی انکوائری کرے۔

میری عرض یہ ہے کہ بنکوں کی یا دوسرے اداروں کی کامیابی اس وجہ سے نہیں ہے کہ وہ ہم سے زیادہ efficient ہیں بہتر ہیں بلکہ ان کے ذرائع ہم سے زیادہ ہیں۔ monoply ہے حکومت کے ان کو privileges زیادہ مل رہے ہیں دوسری چیزیں ہوتی ہیں یہاں ہمیں بلیک میل کر کے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ آگے بڑھتے ہیں اور ہمارے سارے بینک دیوالیہ بن جاتے ہیں۔ عرض ہماری یہ ہے کہ یہاں ہمارے نیشنلائنزڈ بنک کی

ایفیشنسی کا مسئلہ نہیں تھا بزنس کا مسئلہ نہیں تھا اصل مسئلہ یہ ہے کہ یہاں economic side پہ monoply جو ہے وہ ہمارے بنکوں کو develop ہونے نہیں دیتے۔ یہاں سیاسی سائیڈ پہ آکرہم اپنے بنک پر حملہ کر دیتے ہیں۔ اب اپنے بنکوں کیلئے پالیسی بنائی ہے ڈی نیشنلائزیشن 'کہ جی efficiency نہیں ہے' فلاں نہیں ہے۔ کون کہتا ہے کہ efficiency نہیں ہے۔ میں یہاں یہ کہوں گا کو کہ ہمارے رولز میں نہیں ہے لیکن میں یہ کہوں گا کہ ایک ایسی کمیٹی ہو جس میں تمام ادارے خواہ بنک ہوں یا انڈسٹریز ہوں آکر کھڑے ہو جائیں۔ احترام کے ساتھ کہتا ہوں کہ یہاں وزیر صاحب اعداد و شمار بتا دیتے ہیں اور اسکی میزانیہ کو دیوالیہ بتا دیتے ہیں اور یہ inefficient ہیں' فلاں ہیں۔ اس کے مقابلے میں ان لوگوں کو موقع دیا جائے جو سپیشلسٹ ہیں اور جانتے ہیں کہ ہمارے بنک 'انڈسٹری آگے بڑھ رہی ہے اور کوالیفائیڈ ہیں۔ اور اس طرح ہم اپنی پبلک پراپرٹی کو محفوظ بنائیں اور اس کو لوٹانہ جائے۔ لہٰذا کمیٹی میں ماہرین بلائے جائیں۔

اب میری عرض یہ ہے کہ یہ جو ڈی نیشنلائزیشن کا مسئلہ ہے ہو سکتا ہے ٹھیک ہے اس کو کوئی موقع ملے۔ ڈی ریگولیشن میں کیا ہے۔ یورپ کو آپ موقع دیں جب اس کا مال ہماری منڈی میں آئے گا تو ہماری انڈسٹری کہاں جائے گی۔ تو مجموعی طور پہ میں یہ کرض کر رہا ہوں کہ اس کی تمام پروسیجرز ہیں کس طرح bid ہوتی ہے اور کیا ہوتا ہے ؟ تو کیا اگر ہمارے نیشنلائزڈ بنک کے لوگ رشوت کھا کر لوگوں کو قرضہ دیتے ہیں یہ بات ہے۔ ہم یہ نہیں کہتے۔ ٹھیک ہے ہمارے ریٹائرڈ جنرل صاحب نے کہا کہ میں ایک ریٹائرڈ جنرل ہوں مگر سینٹر ہوں اور نمائندہ ہوں۔ ہم یہ مانتے ہیں لیکن کیا ہمارے لوگ رشوت نہیں کھائیں گے ؟ یہ ٹھیک ہے اس میں پروسیجر ہے' criteria ہے لیکن بے ادبی معاف میں الفاظ استعمال کروں گا اس میں مال ہے اس میں دولت ہے پراپرٹی ہے اس میں جو اثاثے ہیں ان اثاثوں کے لئے کون رشوت نہیں کھائے گا ؟ ہماری منسٹری والے رشوت کھائیں گے تو یہ ڈی نیشنلائزیشن والے نہیں کھائیں گے ؟ یہ ٹھیک ہے اخباروں میں آئے گا پروسیجر ہے اور اس میں تمام قانونی چیزیں پوری کی جائیں گی لہٰذا میں کہوں گا کہ اس طرح انڈسٹری کو اور بنکوں کو قطعاً اس طرح ڈی نیشنلائز نہ کیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ۔ جی طارق چوہدری صاحب !

جناب محمد طارق چوہدری : (عربی)۔ شکریہ جناب محترمہ چیئرمین صاحبہ ! بینکوں کی ڈی نیشنلائز یشن کی بات ہو رہی ہے اگرچہ میں اس کے لئے پہلے سے تیار نہیں تھا لیکن فوری طور پر کچھ چیزیں ذہن میں آتی ہیں ضروری ہے کہ ان کو رجسٹرڈ کروا دیا جائے۔

بنکوں کی پرائیویٹائزیشن کو جس طرح جلدی میں لیا جا رہا ہے اور جس طرح اس کو پرائیویٹائز کیا جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس کی ضرورت نہیں تھی۔ خاص طور پر ان حالات میں جبکہ حکومت دس نئے بنک دے رہی تھی۔ دس نئے بنکوں کی موجودگی میں جو پہلے سے موجود بنک حکومت کے پاس تھے ان کو بھی فوری طور پر پرائیویٹائز کرنے کی ضرورت فوری طور پر نہیں تھی۔ کیوں نہیں تھی ؟ جہاں تک تھوڑے سے arguments ہمارے منسٹر صاحب نے دیئے' ان argument کی روشنی میں اگر دیکھا جائے' توانہوں نے کہا کہ بنکوں کے اوپر سیاسی پریشر رہتا ہے۔ سیاستدان آگے بڑھتے ہیں۔ وزیر آگے بڑھتے ہیں' مشیر آگے بڑھتے ہیں یعنی جن لوگوں کا سیاسی influence ہوتا ہے وہ اپنا influence استعمال کر کے قرضے لے لیتے ہیں جن کو پھر غلط جگہ پر خرچ کیا جاتا ہے۔ یہ ایک ان argument ہے۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کر کے' اپنے influence کا ناجائز استعمال کر کے قرضے لئے جائیں گے وہ بنک خواہ پرائیویٹائز ہوں خواہ نیشنلائز ہوں' دونوں صورتوں میں قرضے اسی طرح لئے جائیں گے۔ میں مثال دیتا ہوں آپ کو' آپ نے مسلم کمرشل بنک کو پرائیویٹائز کر دیا۔ مسلم کمرشل بنک پرائیویٹ پارٹی کے پاس چلا گیا اور مینجمنٹ بھی ان کی آ گئی' ٹھیک ہے جی۔ اب جناب ! اتفاق شوگر مل اور برادر شوگر مل انہوں نے ایک دن اکاؤنٹ کھولا پانچ ہزار کا اور دس ہزار' اگلی تاریخ پہ انہوں نے تیس (30) کروڑ روپے کے قرضے حاصل کر لئے۔ پرائیویٹ بنک سے' اور کس صورت میں کئے یہ ذرا آپ غور فرمائیں یعنی اختیارات کے استعمال کا جہاں تک تعلق ہے وہ پرائیویٹ بنک ہو جاتا ہے تب بھی اختیارات کا ناجائز استعمال ان پر لاگو ہوتا ہے۔ جو آدمی influential ہے وہ کر سکتا ہے۔ دیکھیں ! مسلم کمرشل بنک میں' محترمہ چیئرمین ! ہائیکورٹ کا ایک آرڈر ہے اور اس آرڈر کی کاپی

میرے پاس بریف کیس میں رکھی ہوئی ہے۔ ہائی کورٹ کا آرڈر یہ ہے کہ ایک مخصوص amount ہے اس سے زیادہ کوئی قرضہ یا limit ہائی کورٹ کی پیشگی اجازت کے بغیر sanction نہیں کی جاسکے گی۔ یہ پابندی ہونے کے باوجود اتفاق شوگر مل اور برادر شوگر مل، کیونکہ اس کے مالکان جو ہیں وہ بہت influential ہیں لہٰذا وہ prior approval جو ہے ہائی کورٹ سے نہیں لی گئی یعنی وہ prior approval بھی ہائی کورٹ سے نہیں لی گئی۔ اس بات کا میں نے پتہ کل ٹیلیفون پر اس آدمی سے کیا ہے جو یونین کو represent کرتا ہے۔ جس کے دستخط وہاں ہوتے ہیں۔ ہر loan یا ہر limit پر جس پر جس کے دستخط ہوتے ہیں یعنی جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ آپ یہ کہتے ہیں کہ جی اثرورسوخ استعمال کیا جائے گا۔ تو اثرورسوخ جو ہے وہ اب بھی استعمال ہو رہا ہے اور پرائیویٹ میں بھی استعمال ہو گا۔ لیکن یہاں پر ایک مافیا ایک یہودی طرز عمل اختیار کیا جائے گا۔ جب آپ بنکوں کو پرائیویٹائز کر دیں گے تو یہاں پر ایک بڑی خوفناک صورتحال پیدا ہو گی۔
جناب وزیر خزانہ صاحب ! میرے اور آپ کے بچے مستقبل میں سوائے کلرکی اور نوکریوں کے کچھ بھی نہیں کر سکیں گے۔ جب بنک پرائیویٹائزڈ تھے۔ پرائیویٹ کمپنیوں کے پاس تھے تو پاکستان میں بیس سے زیادہ خاندان نہیں پنپ سکے اور جب بنکوں کو نیشنلائز کیا گیا صرف آپ سیاستدانوں کی بات نہ کریں، وانابازار، امیرپور بازار، گھنٹہ گھر، ہر جگہ کے چھوٹے چھوٹے سٹیشنوں کے لوگوں نے قرضے لئے۔ اس وقت ان بینکوں کی بدولت کم از کم ہزاروں کی تعداد میں بڑے بزنس مین پیدا ہوئے ہیں ہزاروں کی تعداد میں، اور اگر آپ نے سارے کے سارے بینک ڈی نیشنلائز کر دیئے تو پاکستان میں سارا کچھ، سمٹ کر چند لوگوں کے ہاتھ میں آجائے گا اور یہ بڑا خوفناک بحران پیدا ہو گا، کس طرح ان کے ایک دوسرے کے ساتھ link ہوں گے میں اس کی آپ کو ایک اور مثال دیتا ہوں۔
جناب ! اس وقت ایک آرگنائزیشن ہے جس کا نام optima ہے، آج تک ہم نے مزدوروں کو آرگنائز ہوتے دیکھا سرمایہ داروں کے مقابلے میں، کسانوں کو آرگنائز ہوتے دیکھا اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے، لیکن اس ملک میں پہلی دفعہ ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ ملک کا صنعتکار اکٹھا ہو رہا ہے مزدوروں کے خلاف، ملک کا صنعت کار اکٹھا ہو رہا ہے کسانوں کے خلاف، ملک کا صنعتکار اکٹھا ہو رہا ہے، بنک والوں کے ساتھ مل کر .... کاٹن کا

بحران پیدا کیا۔ ابھی کل پرسوں تحریک آئے گی میں اس پر پھر بات کروں گا' میں بینکوں کے حوالے سے صرف بات کر رہا ہوں ' کاٹن کی پرائس کے اوپر پریشر دیا گیا ہے optima کے ذریعے سے اور اس کی پرائسز اور نیچے آئیں گی ایک بحران پیدا ہو گا' پھر ہو گا کیا' کہ پنجاب میں 'فیصل آباد' جھنگ' سرگودھا یہ وہ ڈویژن یا اضلاع ہیں جو آج سے 25 برس پہلے یہ کاٹن کے ایریاز تھے' پھر یہاں جب پانی سے لیول اوپر آ گیا تو کاٹن آگے سرکتی گئی اور اب یہ کاٹن ملتان' وہاڑی' ساہیوال اور پھر اوپر سے سندھ تک ہوتی گئی' آپ پچھلے پانچ برس سے یہ کاٹن جو ہے یہ واپس فیصل آباد' سرگودھا اور یہاں پر آ رہا ہے اب یہ ہوا ہے محترمہ ! کہ اس علاقے میں شوگر ایمپائرز قائم ہوئی ہیں۔ ان بینکوں کے تعاون سے حکومت کی مدد سے حکومت کے عہدوں کی مدد سے بینک ایمپائرز قائم ہوئی ہیں اور صرف اس ایک ایریا میں بارہ سے زیادہ نئی شوگر ملیں لگ رہی ہیں اور وہ شوگر ملیں جو لگ رہی ہیں وہ ہمارے اس ملک کے ٹاپ سیاستدانوں کی ہیں 'حکمرانوں کی ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ کاٹن کو depress کیا جا رہا ہے اس علاقے سے کاٹن رخصت ہو گی' یہاں گنا اگے گا۔ محترمہ ! پنجاب میں چار سو من فی ایکڑ سے زیادہ گنے کی پیداوار نہیں ہے۔ پنجاب میں کاٹن اگنی چاہئے جس کی پیداوار زیادہ ہے سندھ میں فی ایکڑ پیداوار ایک ہزار من ہے اور وہاں پر کاٹن کی پیداوار کم ہوتی ہے وہاں پر گنا اگنا چاہئے یہاں پر کاٹن اگنی چاہئے۔ لیکن یہ لوگ جو ہیں یہاں کے رہنے والے ہیں لہٰذا ایک شوگر مل کے لئے چالیس ہزار ایکڑ اراضی درکار ہو گی۔ چالیس ہزار ایکڑ پر اگر کاٹن پیدا ہوتی ہے تو آپ ذرا تصور کریں کہ اس سے پاکستان کتنا زرمبادلہ کمائے گا۔ آپ یہ کر رہے ہیں کہ یہاں سے کاٹن کو رخصت کر رہے ہیں آپ مہنگی گندم باہر سے منگوا رہے ہیں سستی شوگر نہیں منگوا رہے۔ سستی شوگر پاکستان میں پیدا کر کے یہاں پر بحران پیدا کیا جا رہا ہے یعنی سستی شوگر امپورٹ کرنے کی بجائے مہنگی گندم امپورٹ کر رہے ہیں اور گندم والوں کو آپ incentive نہیں دے رہے کہ ان کو فائدہ پہنچ جائے 'کیوں ؟ اس لئے کہ گندم کے حوالے سے کوئی بڑی صنعت نہیں لگی۔ آپ ذرا تصور کریں اس طرح depress کیا جا رہا ہے کس کی مدد سے 'ایک بینک جو ڈی نیشنلائز ہوا اس نے دو irregularities کی ہیں۔ ایک یہ کہ ہائی کورٹ کے حکم کی خلاف ورزی کی ہے اور دوسری یہ کہ پاکستان کے وزیر اعظم کی صنعت کو ایک دن میں

قرضہ دیا ہے اور اس جرم میں ایک آدمی جیل میں پڑا ہے اور کتنے لوگ جیل میں جائیں گے ہم پوری سیاست کو برباد کر رہے ہیں' ہم پوری جمہوریت کو برباد کر رہے ہیں اور مجھے انتہائی تکلیف ہے' دکھ ہے کہ ہمارا ایک سینٹر اس کو اس طرح defend کر رہا ہے۔ خدا کے لئے' صرف تنخواہوں کے لئے' صرف اپنے چند روزہ سیاسی کیریئر کے لئے آپ اس ملک کو stake پہ نہ لگائیں' اس قوم کو برباد نہ کریں۔ اس ملک کے مستقبل کو برباد نہ کریں۔ اور ہمارے بچوں کو ہمارے پاس رہنے دیں۔ آپ جو کھیل کھیل رہے ہیں یہ بڑا خطرناک ہے۔ آپ کو اندازہ نہیں ہے کہ ملک کے اوپر کیا بیت جانے والی ہے۔

یہ کوآپریٹو سیکنڈل ابھی مجھے کہا جا رہا ہے کہ اس پر آپ تحریک نہ دیں' کیوں نہ دیں ؟ کہ اس میں ہمارے وزیراعظم کا نام آتا ہے' وزیر داخلہ کا نام آتا ہے' ہمارے حکمرانوں کے نام آتے ہیں' نہ دیں تحریک۔ کیونکہ جوڈیشل انکوائری ہوگی تو حکومت چلی جائے گی' چلی جائے' نئی آجائے گی ہماری اپنی آجائے گی' ہماری مسلم لیگ کی آئے گی' جائے ایسی کرپٹ حکومت' جائیں ایسے کرپٹ لوگ جن کو جوڈیشری کہہ دے کہ یہ کرپٹ ہیں' جن کو جوڈیشری کہہ دے یہ قابل قبول نہیں ہیں' جائیں ایسے لوگ یہ نہیں جائیں گے تو خدا کی قسم میں ان کے خلاف ریفرنس کروں گا' وہی ریفرنس جو یہاں پر سپیکر کے تھرو کیا جاتا ہے' اس کے لئے صدر صاحب کی محتاجی نہیں ہے آپ کیا بات کر رہے ہیں۔ بینکوں کو ڈی نیشنلائز کریں گے اور اس کی ایک مثال.......... ابھی آپ نے ایک بینک ڈی نشنلائز کیا ہے اس نے یہ گل کھلایا ہے کہ آپ کے وزیراعظم کو میرے وزیراعظم کو میری پارٹی کے سربراہ کو اس نے بغیر کسی استحقاق کے اس کے سیاسی influence کی وجہ سے اس نے ہائی کورٹ کو بائی پاس کیا ہے' ہائی کورٹ کے آرڈر کو بائی پاس کیا ہے۔ اس نے تمام پروسیجر بائی پاس کئے ہیں اس کو تیس کروڑ روپیہ ایک دن میں دیا ہے۔ یہ ڈھونگ رچایا جا رہا ہے یہ تماشہ بنایا ہوا ہے' خدا کے لئے اس حکومت کو نکال دیں' خدا کے لئے ایسے لوگوں کو رخصت کر دیں ورنہ ہمارا ملک بحران کا شکار ہو جائے گا ہم برباد ہو جائیں گے آپ ڈوب جائیں گے بینکوں کی ڈی نیشنلائزیشن کو روکا جائے اس وقت تک روکا جائے جب تک کہ دیانتدار حکمران نہ ہوں۔ ایسے حکمران نہ ہوں جو اپنی جیب بھرنا چاہتے ہوں' جو اپنی جھولیاں بھرنا چاہتے ہوں۔ مجھے دکھ ہے اپنے سینٹرز پر کہ جوان کو

یہاں پر defend کرنے بیٹھے ہوئے ہیں میں یہ الزام عائد کر رہا ہوں اپنی حکومت پر اپنی پارٹی کے سربراہ پر میں یہ سب کچھ نہیں کہنا چاہتا تھا لیکن ہمیں نہ اپنی پارٹی زیادہ عزیز ہے اپنے ملک سے نہ ہمیں اپنا وزیر اعظم زیادہ عزیز ہے اپنے بچوں کے مستقبل سے اور یہ واقعہ ہے کہ کو آپریٹو میں جوڈیشنل انکوائری ہونی چاہئے اور وزیر اعظم اور ان لوگوں کے استعفیٰ کے بعد ہونی چاہئے اس لئے کہ جب وہ لوگ کرسیوں پر بیٹھے ہوئے ہیں ان کے خلاف انکوائری ہوگی بھی تو دبی رہے گی، کوئی حرج نہیں ہے کہ وہ الگ ہوں ان کے خلاف انکوائری ہو اور اگر وہ سچے ثابت ہو جائیں گے تو ان کی اپنی پارٹی ہے ہم سب ان کے ہیں ہم سب ان کے ساتھ ہیں ان کی قیادت ہے۔ ہم دوبارہ ان کو وزیر اعظم بنائیں گے، دوبارہ وزیر داخلہ بنائیں گے، دوبارہ اپنا وزیر خزانہ بنائیں گے، کوئی حرج نہیں ہے لیکن ان کے دامن پر داغ ہیں وہ داغ دھو کر آئیں اور یہ بات جو میں نے ان کے سامنے ابھی کہی ہے............ (مداخلت)

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : یہ بحث تو اس وقت کریں جب یہ مسئلہ زیر بحث آئے۔ اس وقت بینکنگ پر بات کریں۔

<u>جناب محمد طارق چوہدری</u> : میں بینک کی بات کر رہا ہوں مسلم کمرشل بینک کی جو ڈی نیشنلائز کیا گیا ہے۔ اس نے ایک دن میں اتفاق برادرز کو اور برادرز شوگر مل کو تیس کروڑ روپیہ دیا ہے اور بینک کی approval بھی نہیں لی۔ آپ بتائیے کہ اب سیاسی اثر استعمال نہیں ہو گا، ہو رہا ہے، دیکھئے یہ پرائیویٹائزیشن جو ہے آپ کریں گے، یہ بودی بات ہے یہ بودی دلیل ہے کہ آپ یہ کہیں

Mr. Hasan A. Shaikh: Point of order. This paper should be distributed among all the members so that we should know about it otherwise we don't know what he has said.

Madam Deputy Chairman: Please continue Tariq Sahib.

<u>جناب محمد طارق چوہدری</u> : میں نے پہلے عرض کیا کہ اس کے لئے مجھے اندازہ نہیں تھا، میں تیار نہیں تھا لیکن میں ضرور آج شام کو ان کو یہ پہنچا دوں گا۔ میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ بنکوں کے پرائیویٹائزیشن کے عمل کو روکا جائے۔ کو آپریٹو کا جو بحران ہے وہ بھی

دراصل بینکوں ہی کا بحران ہے وہ بھی رقم کا بحران ہے اس پر جوڈیشل انکوائری کرائی جائے اور وہ جوڈیشل انکوائری ان لوگوں کو الگ کر کے کرائی جائے جن کے اوپر اس کے الزامات آتے ہیں۔ و آخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العالمین۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب منظور گچکی صاحب !

جناب منظور احمد خان گچکی : شکریہ ! چونکہ یہ موشن خاصی اہم ہے اور اس پر یقیناً سیر حاصل بحث ہونی چاہئے۔ اس سلسلے میں، میں نے کل بھی گزارش کی ہے تو میں اس پر کچھ زیادہ نہیں بولوں گا بلکہ اپنی کل کی تقریر میں تھوڑا بہت اضافہ کروں گا۔ جناب والا ! پرائیویٹائزیشن کا عمل بنکوں کو نیشنلائز، ڈی نیشنلائز کو آپ یہ سکینڈل دوسرے عوامل اور خاص طور پر لاء اینڈ آرڈر کی حالت جو اس ملک میں ہم دیکھتے ہیں تو اس کے بعد میں نہیں سمجھتا کہ اس حکومت کے برقرار رہنے کی کوئی justification ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آپ سسٹم پر بات کریں۔

جناب منظور احمد خان گچکی : میں اسی بینکنگ کے قرضہ سسٹم پر بول رہا ہوں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ نیشنلائزیشن کا عمل جو ہے اس کے پیچھے ایک مکمل فلاسفی ہے اور اس ڈی نیشنلائزیشن کے پیچھے بھی ایک فلاسفی ہے۔ دنیا میں خاص طور پر under-developed countries میں نیشنلائزیشن کی ضرورت پڑتی ہے اس لئے کہ State sector میں نہ صرف یہ کہ اس میں ملازمتوں کا incentive ہوتا ہے بلکہ اکانومی کو stable کرنے کا ہوتا ہے۔ developed countries میں تو اکانومی پہلے ہی developed ہے وہ گارفری اکانومی کی بات کرتا ہے۔ Constitution کی بات کرتا ہے تو justified ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہاں پر یہ عمل کامیاب ہے لیکن ایک ایسے ملک میں جہاں کی اکانومی کو بیمار معیشت کہا جاتا ہے۔ اس میں آپ اگر ڈی نیشنلائز کرتے ہیں تو اس میں آپ اکانومی کو مزید sick بناتے ہیں۔ میں اپنے دوست طارق چوہدری کے اس نقطہ نظر سے اتفاق کرتا ہوں جب مزید دس بنک بن رہے ہیں اور پتہ نہیں کن کن لوگوں کو دیئے گئے ہیں اس کی ایک الگ ہسٹری ہے کہ یہ دس بنک کس طریقے سے دیئے گئے کن کن لوگوں کو دیئے گئے اور اس کے پیچھے محرکات کیا تھے۔ جب یہ پینڈورا بکس کھلے گا اس میں آپ کو کچھ سکینڈل نظر آئیں گے۔ جب دس بنک دیئے گئے ہیں تو کیا یہ

ضروری تھا کہ یہ چار بنک جس کا عمل آپ نے ایم سی بی سے سٹارٹ کر لیا اس کے بعد الائیڈ اور پھر حبیب بنک کی باری آ رہی ہے۔ اگر کوئی bid دینے والا ان کا منظور نظر ہو تو شاید یہ سٹیٹ بنک کو بھی دے دیں لیکن فی الحال جو دو بنک دیئے گئے ہیں ان میں آپ فرق دیکھیں۔ اگر توکل گروپ نے خریدا اس کے پیچھے بھی ایک مسئلہ موجود ہے وہ تو شیئر 50 روپے پر شیئر کے طور پر لیکن جب ورکرز کو الائیڈ بنک دیا گیا تو وہ 70 روپے فی شیئر کے حساب سے دیا گیا۔ الائیڈ بنک بہ نسبت ایم سی بی کے چھوٹا بنک ہے اس وقت جس طریقے سے توکل کو بنک دیا گیا آپ کو یقین سے کہتا ہوں کہ اس کی assets

(مداخلت)

Madam Deputy Chairman: No cross talk please.

جناب منظور احمد خان گچکی : منشاء گروپ کو حسب منشاء دیا گیا۔ اس میں آپ دیکھیں اگر ورکرز کو دیا جاتا ہے تو شیئر 70 روپے کے لگ بھگ ہے' یہ 50 کے لگ بھگ ہے یعنی کوئی criterian تو ہوتا۔ پھر میں آپ کو بتاؤں کہ جس amount پر ان کو دیا گیا ایم سی بی کے assets اس اماؤنٹ سے زیادہ ہیں۔ دوسری بات یہ ہے ہم یہ بھی جانتے ہیں آپ یہ کہتے ہیں کہ ڈی نیشنلائزیشن کا عمل اس لئے ہو رہا ہے کہ ہم نقصان میں جا رہے ہیں یا دوسرے خسارے میں جا رہے ہیں لیکن آپ مجھے یہ بتائیں کہ یہ بنک جو آپ نے ڈی نیشنلائز کئے ہیں یہ کون سے خسارے میں جا رہے تھے۔ آپ کے پاس کوئی ایسا data ہے کیا فنانس منسٹر وہ data مہیا کریں گے کہ وہ بنک خسارے میں جا رہے تھے۔ یقیناً خسارے میں نہیں جا رہے تھے۔ یہ الگ بات ہے اس میں bureaucrtisation کا عمل ہوا ہے اور یہ گورنمنٹ کی پالیسی کا failure ہوا ہے۔ جب بھی کسی ملک میں democratic institution مضبوط نہیں ہوتے جب بھی معیشت کی منصوبہ بندی بہتر طریقے سے نہیں ہوتی' جب بھی آپ ایک بیمار معیشت کی بات کرتے ہیں اگر آپ اس کو صحتمند معیشت کی طرف نہیں لے جاتے اس وقت تک وہ معیشت بیمار رہتی ہے صرف ڈی نیشنلائزیشن سے یہ سلسلہ ختم نہیں ہوتا۔

ڈی نیشنلائزیشن کے جو نیگٹو پہلو ہیں ان میں سب سے بڑا خطرناک پہلو یہ ہے صوبوں سے جن لوگوں کو بنکوں میں لیا گیا ہے ان کو آہستہ آہستہ نکالا جائے گا اور ان

ایریاز سے ریکروٹمنٹ کی جائے گی جن جن ایریاز سے بنکوں کے مالکان کے گروپس موجود ہیں۔ اس سے یہ ہو گا کہ ہمارے ہزاروں دوست ساتھی یاورکرز بنکوں میں کام کرتے ہیں ان گروپس کی وجہ سے ان کو نکالا جائے گا اور پھر ان کی کوئی دادرسی نہیں ہو گی۔ اس وقت تک تو یہ بات ہے کہ اگر کوئی irregularity ہوتی ہے ہاؤس کے اندر تو ہم بول سکتے ہیں۔ گورنمنٹ کو pressurize تو ہم کر سکتے ہیں لیکن جب آپ ڈی نیشنلائنز کریں گے تو کس کے پاس ہم جائیں گے سوائے اس کے کہ ہم سارا دن کورٹ میں چلے جائیں یہاں کم از کم وزیر خزانہ تے تو بات کر سکتے تھے اس کے بعد کس سے بات کریں؟ میں تو کہتا ہوں کہ اس عمل کو روکا جائے اس ملک میں یہ تباہی ہو گی جس طریقے سے کروڑوں روپیہ 24 گھنٹے کے اندر اس لئے دیا جاتا ہے ان لوگوں کے کہنے پر ان کو بنک دیئے گئے اور وہ روپیہ صرف انہوں نے ٹوکن کے طور پر دیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ عمل آگے چل کر مزید خطرناک صورت حال اختیار کرے گا اور میری گزارش ہے ان بنکوں کے ڈی نیشنلائنز یشن کے عمل کو روکا جائے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ۔ جناب حسن اے شیخ صاحب !

Mr. Hasan A. Shaikh: We are discussing the banking policy of the country. We had an opportunity of hearing the Finance Minister, probably eroneously he got up and he made certain statements and they have given us an inclination of the mind of the government.

Mr. Sartaj Aziz: Point of order. That statement is not on record and can not be referred to.

میڈیم ڈپٹی چیئرمین : یہ جو پہلے منسٹر صاحب بولے تھے پھر ممبرز نہیں بولے تھے وہ سٹیٹمنٹ آف دی ریکارڈ ہے اور وہ دوبارہ بولیں گے۔

Mr. Hasan A. Shaikh: No, we have heard him, unless you can erase it from our memory.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : دوبارہ وہ بولیں گے۔ جناب طارق چوہدری صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب محمد طارق چوہدری : پوائنٹ آف آرڈر۔ محترمہ ! کیا ان کے وہ الفاظ جو

انہوں نے پہلے کہے تھے انہوں نے واپس لے لئے یا آپ نے حذف کر دیئے کہ ان کو ریفر نہیں کیا جا سکتا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں چونکہ وہ منسٹر صاحب نے پہلے سٹیٹ منٹ شروع کر دی تھی ان سے میں نے کہا کہ ممبرز جب بولیں گے تو پھر وزیر صاحب بولیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : پوائنٹ آف آرڈر۔ جو بھی اس فلور پر کہا جاتا ہے وہ آن ریکارڈ ہوتا ہے۔ ان کی سٹیٹ منٹ آن ریکارڈ ہے وہ حذف نہیں ہوئی۔

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : وہ میں کر سکتی ہوں۔ آپ بات شروع کیجئے حسن اے شیخ صاحب۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, as far as the Finance Minister is concerned he has given us an inclination of the mind of the Government what the Government is doing at present. The Government does not know what it is doing; different policies with regard to different individuals, different banks, and different methods with regard to different banks. Some banks have been handed over to the employees. One banks yes, but the other banks are getting ready to take it over . How would the Finance Minister stop banking magnets or capitalists from being behind the CBA, behind the employees buy it and then go to the bank and take it over. If the employees could run these banks why was the State Bank necessary, who was supervising this? Was the Finance Minister supervising it? I must say before this House, Sir. I have no personal complaint against the Finance Minister. Whenever I have approached him for any public cause he has been co-operative but he is not the whole of the Government. He can be over ruled and as Mr. Tariq Chaudhry said, there are two parties at least who have got loans of thirty crores of rupees in one hour because they deposited five thousand rupees that is what he said. There was nobody objected to that position.

The Finance Minister is in the House, the other Minister, who was probably mentioned, was in the House in the morning but is not here now.

(interruption)

Mr. Hasan A. Shaikh: He is here. He also did not object to the statement of Mr. Tariq Chaudhry.

Ch. Shujat Hussain: Point of order, Madam Chairman.

Madam Deputy Chairman: Ch. Shujat Hussain on point of order.

چوہدری شجاعت حسین : میڈم ڈپٹی چیئرمین ! آپ نے صبح بھی فرمایا تھا کہ یہاں نیشنل اسمبلی والا ماحول نہ بنایا جائے۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو ہم یہاں بھی نیشنل اسمبلی والا ماحول پیدا کر دیتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں جی، میں کسی کو بھی اس کی اجازت نہیں دوں گی کہ ہر بات کے اوپر پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا جائے اور ہر بات کے اوپر explanation کی اجازت مانگی جائے۔

چوہدری شجاعت حسین : میں اس پر بات کروں گا لیکن اس وقت جب سب بات کر چکے ہوں گے۔ میں ہاؤس کی عزت کے لئے اور چونکہ ہمیشہ یہ طریقہ کار رہا ہے کہ بار بار مداخلت نہیں کی جاتی ورنہ میں ابھی، اگر وہ چاہتے ہیں تو اس کا جواب دے دیتا ہوں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں جناب ! میں یہاں کسی کو وہ ماحول create کرنے کی اجازت نہیں دوں گی...........

(مداخلت)

آپ تشریف رکھیں، جناب حسن اے شیخ صاحب ! آپ تو بڑے سینئر ممبر ہیں ذرا ماحول کا خیال رکھیں۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Madam Chairman, I think, the Minister of Interior has misunderstood me. I say I know that he could not have given an explanation on the floor of the House but there is one method by which he could have said "Question" when he made that statement, that is a parliamentary method all over the world not only here. He could have said "Question". He did not say that. That means he accepted it. He did not say that that is why he questioned me but I take it for granted. But the time for questioning was there when Mr. Tariq Chaudhry made the statement, I am not making a statement against him.

Now, Sir, there is a method even in madness. It appears that all the nationalized industries are being taken out for de-nationalization, privatization in a big lump. Is there any country in the world where such big changes take place in such a short time. Russia, you know, Russian experiment failed, therefore, they have got for marketing. Now, if you want a particular industry which Mr. Tariq Chaudhry mentioned is a monopoly inspite of the Steel Mill in the country there is a monopoly in a particular type of steel.

Madam Deputy Chairman: Ch. Shujat Hussain on a point of order.

چوہدری شجاعت حسین : میڈم ڈپٹی چیئرمین صاحبہ ! میں صرف یہ گزارش کروں گا کہ شوگر ملز monopoly industry نہیں ہے۔

جناب حسن اے شیخ : میں نے شوگر ملز کا نہیں کہا، میں نے سٹیل ملز کا کہا ہے۔

چوہدری شجاعت حسین : انہوں نے جس قرضے کا ذکر کیا ہے وہ شوگر مل کے قرضے کا ذکر کیا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : انہوں نے سٹیل ملز کی بات کی ہے۔

چوہدری شجاعت حسین : انہوں نے جس قرضے کا ذکر کیا ہے وہ شوگر مل کے قرضے کا کیا ہے۔ میں درستگی چاہوں گا کہ آپ کو بھی بتادوں اور ہاؤس کو بھی بتادوں انہوں نے مسلم کمرشل بنک کے جس قرضے کا ذکر کیا ہے، انہوں نے شوگر ملز کے قرضے کا ذکر کیا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : چوہدری صاحب ! آپ تشریف رکھیں۔ جناب حسن اے شیخ صاحب !

Mr. Hasan A. Shaikh: I am prepared to be corrected by him (Ch. Shujat Hussain) because he knows better, he is in the thick and thin. I am much outside, far away from it. He is much in the thick and thin, he knows it. I will accept his statement as correct but Sir, this is a very easy point to understand. Would that Sugar Mills or Steel Mills have got within one hour or two hours thirty crores of rupees on a deposit of five thousand rupees if that did not belong to senior people in the Government? Is there any instance anywhere in the world where a Minister deals with co-operative societies meant for poor people? Were these Ministers so poor that they were dealing with co-operative

societies and making money and when that question came out in the public and in the open, they got the money from the banks and deposited it in the co-operative societies. I am told it is not correct that all the co-operative societie's money had been paid back, they should give us facts. How much did they take from the co-operative societies? How much they have paid back and from where against, which mortgage, against which business which industry and if they had this money why did they resort to the co-operative societies? It is a very peculiar situation in Pakistan and some Member today, on the floor of the House, said. 'I have committed no crime'; certainly he has committed no crime but he has committed something which nobody in the world will ever pardon him because what he should have done, he came as a public man to be a Minister instead of helping the public, helping the poor people, he is himself swallowing everything that he can get. Can he do that? Could he do that? Should he have done that? So, therefore, these are matters which can be dealt with properly if the banking policy is not changed as it is now being contemplated. A Member of the House who is the Chairman of the Privatization Commission said. 'I was not present when yesterday certain things were said in the House'. I want to tell him it is his duty to be present here. If he does not, he should be given no chance of explanation. On the contrary we should take him to task. I know that the Finance Minister will be probably giving him the support because he is a Head of the Government in respect of this privatization, but how does this privatization help this country? Does it help the poor people of this country. Yesterday, Sir, I said that one Minister told me that this is because we were losing on the revenue side the money we are collecting from the people and yesterday in reply Mr. Sartaj Aziz said 'we are losing five hundred crores of rupees every year, if that is correct we will lose much more when these banks are being handed over to people they have to be taken over by the State Bank.

I was also told that the record of tax payment is not correct. Did you take any action against them? Did you take any action because there record was not correct? Did you publicise that these banks were being auctioned? That anybody who has not got a proper tax record will not be able to get these banks. I think a Minister can not merely say this on the floor of the House and consider himself scot-free. He will be chased with this statement as long as he is a Minister not only in the reply to this, but as long he is a Minister if five hundred crores of rupees were being lost; they should have made the statement that all these

banks were paying income tax properly. All these banks were setting up the branches all over the country. If they did not help the poor people to get money, if they did not help them to get employment, what is this method of running a country. As soon as you come, you say no employment, there is a ban on employment and therefore, you will have to proceed without that. I don't know, it is worse than those people who came here with *Roti, Kupra* and *Makan*, it is worse to that. You should have said 'alright' anybody, where there is a vacancy, you can got but they are not supporting anybody, they are supporting only those people whom they consider to be their friends or their erstwhile future friends. I am not going to say anything more personally.

I have a grievance against the Finance Minister—a nice man, a Senator by choice, he should not have fallen prey into this trap. True, we never heard him of dealing with finance and suddenly he has become finance wizard. So, this is something which I compliment him. He has not done anything which has impressed me, but he has not done anything which I could point out except this that he has followed the orders of his boss and I must tell him that when he is giving a reply here the kitchen cabinet or non of the kitchen cabinet member is here, what will happen to his reply. His reply will be of no avail. Therefore, the real policy of the banking is controlled by the kitchen cabinet not by this cabinet, not by the Finance Minister and therefore, unless the kitchen cabinet is taken to task Mr. Tariq Chaudhry, you will not succeed. Thank you.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اخونزادہ بہرہ ور سعید صاحب !

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب چیئرمین صاحبہ ! اگر اس بحث کو دوسرے دن تک جاری رکھنا ہے تو یہ بہتر ہو گا کہ وزیر خزانہ صاحب نے جو وعدہ کیا ہے وہ اس کو explain کریں گے۔ لہٰذا اگر اس explanation کے بعد مجھے موقع دیں تو میں مشکور ہوں گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب سرتاج عزیز صاحب ! کل آپ کر سکیں گے ؟ یہ تو پھر اگلے پرائیویٹ ممبرز ڈے پہ آسکے گی۔

میں تو آپ لوگوں سے پوچھ رہی ہوں پھر تو یہ اگلے پرائیویٹ ممبرز ڈے پہ آسکے گا۔

(مداخلت)

اخونزادہ بہرہ ور سعید : میں نے گزارش کی ہے کہ وزیر خزانہ کی بریفنگ کے بعد اگر موقع مل جائے تو بہتر رہے گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : نہیں نہیں ایسا نہیں ہو گا۔ ابھی آپ لوگوں نے جو کہنا ہے کہہ لیں پھر windup ہو گا۔

حافظ حسین احمد : پوائنٹ آف آرڈر۔ محترمہ !اگر کوئی اپنی احتیاط اور پارلیمانی پارٹی کے فیصلوں کے بعد بولنا چاہتے ہیں تو بعد میں بولیں لیکن ہمیں موقع دیا جائے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : ٹھیک ہے جی۔ جناب حافظ حسین احمد صاحب !

حافظ حسین احمد : شکریہ۔ محترمہ ! اصل میں ہم بھی چاہتے ہیں کہ سینٹ کا ماحول ٹھیک رہے اور وزیر ماحولیات سے بھی آپ کہیں کہ وہ یہاں بیٹھا رہے۔ محترمہ ! مسئلہ یہ ہے کہ اس وقت جو پاکستان میں اداروں کی خرید و فروخت اور نیلام عام کا مسئلہ ہے اور اس سلسلے میں جہاں تک میرا نقطہ نظر ہے وہ شاید میں اپنے ذہن کے مطابق عرض کروں گا۔ آج ہم یہ سوچیں کہ ہم ان مسائل کے ذریعے کیا حالات کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ کیا ہم بنکوں کی ساکھ کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جو ادارہ آئین ' قانون اور نظام بناتا ہے آج وہاں سے اجازت لی جاتی ہے کہ کاش ! آج ہمارے وزیر خزانہ اور وزیر قانون اور دیگر وزراء اس معزز ایوان سے ایسی قانون سازی کی بات کرتے 'ہم سے ایک ایسی بات کا تقاضا کرتے اور قانون سازی کے ذریعے اس نظام کو تبدیل کیا جاتا تو ہمیں بڑی خوشی ہوتی۔ لیکن یہاں جو قانون سازی کی جاتی ہے اس میں جس چیز کی اجازت دی جاتی ہے وہ نظام کی تبدیل کی نہیں صرف ملکیت اور مالک کی تبدیلی کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اس وقت اسلامی جمہوری اتحاد جو اس ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ ' اسلامی نظام معیشت کے نعروں اور وعدوں کی بنیاد پہ وہ برسر اقتدار آیا ہے۔ انہوں نے ووٹ لئے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت مسئلہ مالک کی تبدیلی کا نہیں ہے بلکہ اصل مسئلہ اس نظام کی تبدیلی کا ہے۔ میں یہی گزارش کروں گا کہ آپ مالک بدلیں کوئی بھی مالک بنے ' حکومت اس بنک کی مالک ہو یا مالک کوئی فرد ہو ' مالک کوئی کمپنی ہو ' مالک توکل گروپ ہو یا کوئی منشا حسب منشاء گروپ ہو ' جو بھی ہو لیکن اگر آپ اس نظام کو تبدیل نہیں کرتے ' اس نظام معیشت کو ' اس بینکاری سسٹم کو آپ تبدیل نہیں کرتے تو میں سمجھتا ہوں

کہ جس طرح 1970ء کے عشرے کے بعد نیشنلائزیشن کی بات ہوئی اور اس وقت بھی یہ کہا گیا کہ جناب پرائیویٹ افراد سے لے کر اسے قومی ملکیت میں دیا جائے اور اس کے بعد بنک صحیح طور پر چلیں گے معیشت کو سہارا ملے گا، صنعتیں لگیں گی لیکن جناب چیئرمین صاحب! جب پرائیویٹ افراد سے لے کر قومی ملکیت میں لیا گیا اور پھر یہ پورا عرصہ ہمارے سامنے ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ اور اگر آج بھی آپ صرف ملکیت تبدیل کریں گے، آپ صرف مالک تبدیل کریں گے، آپ نظام تبدیل نہیں کریں گے تو یقیناً چند دن کے بعد آپ رہیں یا شاید نہ رہیں کوئی اور آئے تو اسی معزز ایوان میں قومی اسمبلی میں، کہیں پھر یہ سوچنا نہ پڑے کہ جناب! اب ہم اسے کیا کریں۔ تو میری یہی گزارش ہے کہ اس وقت مسئلہ کیا ہے؟ مسئلہ اس بینکاری کا ہے اس سودی نظام کا ہے جس کے تحت ہمارے بینک چلتے ہیں جس کے تحت اسلامی جمہوری اتحاد کے وزراء قرضے لیتے ہیں جس کے تحت وزیراعظم صاحب قرضے لیتے ہیں میں صاف کہتا ہوں کہ اگر واقعی آپ نے اسلام کی بات کرنی ہے۔ آئین، قانون اور دستور اس لئے نہیں بنائے جاتے کہ اسے ہم پھینک دیں یہ اس لئے ہیں کہ ہم پڑھیں نہ کہ جب چاہیں اسے ہم پھینک دیں۔ میں کہتا ہوں کہ اس کی دفعہ نمبر63 کو دیکھیں کہ اگر ایک ممبر پارلیمنٹ، وہ کس بات سے disqualify ہوتا ہے اگر وہ فاسق ہو اگر وہ فاجر ہو اگر وہ گناہ گار ہو تو آپ کے قانون کے تحت وہ نہ ایوان بالا میں بیٹھ سکتا ہے نہ وہ ایوان زیریں میں بیٹھ سکتا ہے نہ وہ صوبائی اسمبلی میں بیٹھ سکتا ہے اگر میں نے یہ دعویٰ کیا ہو تو آپ مجھے جو کچھ بھی کہیں لیکن الحمدللہ آج آپ کے ایک سینیٹر نے جو اسلامی جمہوری محاذ کے ٹکٹ پہ آئے ہیں میرے محترم اور حق گو ساتھی ہیں طارق چوہدری صاحب نے اس ایوان میں یہ بات کی کہ جناب وزیراعظم نے 30 کروڑ روپے کا قرضہ لیا۔ مجھے اس سے اختلاف ہے جو کہتے ہیں کہ قرضے کا حق نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں حق ہے لیکن کیا سود لینا اور سود پہ قرضہ دینا جائز ہے؟ میں فتویٰ نہیں دوں گا۔ آپ کی اپنی اسلامی نظریاتی کونسل موجود ہے۔ آپ کی پارٹی میں علماء موجود ہیں۔ آپ کا اپنا منشور ہے، آپ کا اپنا دستور ہے۔ آپ اس سے جا کر پوچھیں اگر سودی قرضہ لینا جائز ہے اور کوئی شخص سودی قرضہ لینے کے بعد فاسق نہیں ہوتا فاجر نہیں ہوتا اور آپ کے اس آئین کے تحت وہ نااہل نہیں ہوتا تو مجھے بتایا جائے میرا ایک سوال ہے اس کا جواب آپ نے دینا ہے

آپ کے وزراء نے دینا ہے آپ کی وزارت قانون نے دینا ہے اور جناب چیئرمین صاحب ! اس کا جواب وزیراعظم صاحب نے دینا ہے۔ پھر میں یہی کہوں گا کہ جناب اس نظام کو بدلیں' اس بینکاری کے سسٹم کو بدلیں۔ آپ پوری قوم کے غریب افراد سے کسی سے 5 ہزار روپیہ' کسی کا 10 ہزار روپیہ' کسی کا تین ہزار روپیہ' کسی کے 15 سو روپے ان بینکوں میں موجود ہیں اور جناب اگر وہی شخص جس کا 5 ہزار روپیہ 25 سال سے بینک میں پڑا ہوا سے ضرورت پڑتی ہے اس پر بیماریاں مسلط ہوتی ہیں اس کا نقصان ہو جاتا ہے لیکن وہ اس بینک کے پاس جاتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ حضور منیجر صاحب کہ میں نے تو 25 سال سے آپ کے بینک میں رکھا ہے۔ مجھے بتایا جائے کیا اس اکاؤنٹ ہولڈر کو 10 ہزار روپیہ قرضہ ملے گا۔ قطعاً نہیں ملے گا۔ آپ کیا سسٹم چلا رہے ہیں۔ آپ کروڑوں افراد کی جیب سے پیسے نکال کر غریبوں کی جیب سے پیسے نکال کر ایک صنعت کار کے حوالے کرتے ہیں۔ وہ 30 کروڑ لیتا ہے وہ ایک ارب لیتا ہے وہ سات ارب روپیہ لیتا ہے اور اس کے بعد آپ سمجھتے ہیں کہ یہاں نظام معیشت تبدیل ہو گا۔ محترمہ ! اس طرح نظام معیشت تبدیل نہیں ہو گا۔

اس کے بعد آپ دیکھئے کہ اگر آپ کسی بینک کو کسی فرد کے حوالے کرتے ہیں میں کہتا ہوں کہ یہاں کو آپریٹو سوسائٹیز کا مسئلہ چلا تو کہا گیا کہ جناب حکومت کی کوئی بات نہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اگر حکومت کے زیر نگرانی بینک ہوں گے تو جس غریب آدمی کا پیسہ 15 سو' ایک ہزار روپیہ کسی بینک میں ہو گا۔ اگر وہ دیوالیہ ہو جائے تو وہ بیچارہ کس سے التجا کرے گا۔ ٹھیک ہے وزیر خزانہ صاحب کہیں گے کہ جناب سٹیٹ بنک اس کا ذمہ دار ہے۔ لیکن میں کہوں گا کہ کیا کو آپریٹو سوسائٹیز کی جو رقومات تھیں جو پیسے تھے کیا اس کی ذمہ داری صوبائی حکومت پر نہیں تھی ؟ کیا اس کی ذمہ داری اس ڈپٹی کمشنر پر نہیں تھی جو اس کا ایڈمنسٹریٹر تھا ؟ کیا اس کی ذمہ داری ان ایم این ایز اور ایم پی ایز پر نہیں تھی جو خود جا کر ان کو دکانات فراہم کرتے تھے اور جا کر ان کے دفاتر کا افتتاح کیا کرتے تھے' کیا اس کی ذمہ داری ان وزیروں اور ان افراد پر نہیں ہے جنھوں نے غیر قانونی طور پر ان کو آپریٹو سوسائٹیز سے قرضے لئے..........

میڈم ڈپٹی چیئرمین : حافظ صاحب ؟ ذرا وقت کا خیال رکھیں۔

<u>حافظ حسین احمد</u> : اگر آپ فرمائیں گی تو میں تو یہی کہوں گا کہ اگر طارق صاحب بات کرتے ہیں' حسن اے شیخ صاحب بات کرتے ہیں.......... میں یہی گزارش کروں گا کہ سینٹ کا کام کیا ہے ؟ سینٹ کا کام ملکیت کی تبدیلی نہیں ہے' سینٹ کا کام نظام کی تبدیلی ہے۔ میں یہی گزارش کروں گا کہ اس وقت آپ مہربانی کر کے کچن کیبنٹ کی بات ہو' باتھ کیبنٹ کی بات ہو' ہمیں تو پتہ نہیں کہ کچن کیبنٹ کیا ہے یا باتھ کیبنٹ کیا ہے ؟ ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ اس ایوان میں جو قانون سازی ہوتی ہے ہم اس کی بات سمجھتے ہیں' ہم تو یہ حکومت کے فیصلے سمجھتے ہیں چاہے آپ کی آپس میں جتنی تلخیاں ہوں ہمیں تو سب کا احترام ہے لیکن ہمارے وزراء صاحب اور ہمارے وہ دوست جن کا تعلق آئی جے آئی سے ہے انہوں نے طارق چوہدری صاحب کی بات سنی اور پیچھے مڑ کر دیکھا

دیکھا جو تیر کھا کے کمین گاہ کی طرف
اپنے ہی طارق چوہدری سے ملاقات ہو گئی

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : سید عبداللہ شاہ صاحب ! لیکن پلیز ٹائم کا ذرا خیال رکھیں۔

Mr. Abdullah Shah: Thank you Madam Chairperson.

I don't have to add much because a lot has been said by the learned Senators on the issue. I will restrict my submissions on one point in particular. When nationalization of banks was done it was not done for any ulterior motives. The motive was that the Pakistani banks, national banks should be available not only to a few individuals but there should be loan giving agencies for a common Pakistani. I am prepared to enter into a debate with the honourable Finance Minister of course, after some preparation because he has got so much staff to support him to give him briefing that that sort of nationalization did serve some purpose. It has served a good purpose of course, there have been mistakes in the performance of the nationalized banks as mistakes are committed by anyother government or semi-government organizations. So, you do not nationalize every department of government because they are partly corrupt or because they are inefficient but you try to improve them. Here you are taking the things from one stream to another stream. To give everything to the private sector, I will try to submit before you Madam Chairperson, that there

should be a competition between the private sector and the public secctor. Let there be sums of equilibrium. Please do not create monopoly. This is giving not only bad name to the government of the day and this is cutting at the very roots of the country's economy.

Now so much has been said about the co-operatives scandal, banking scandal, loans being taken away under political influence and government influence, these may be facts; these may not be facts, I am not going into that. But I am making another point before you Madam Chairperson, as a warning. There were finance companies, they took a lot of money of our poor people. Now, there is another thing which has not been mentioned in this House and that is the 'Modarba Scheme'. Kindly note down my humble words 'This scheme is again going to create a very big financial scandal in this country. I will request the honourable Finance Minister to save the poor people from this scandal. I have informed the very responsible person and I can also produce before him a detailed report. He is not a government functionary; he is not in the business but he is a man who knows that this Modarba Scheme is going to be a failure. Please save the country from all this financial debacle in which we are being taken.

Lastly, there is a proposal that there should be an inquiry in the financial scandals that are reported in the press or otherwise, these are mere allegations until and unless they are proved, they cannot be acted upon. But I will say that the inquiry should be conducted not by those against whom allegation is made but by other persons like the President, like the Chairman of the Senate, like the Deputy Chairman. You can appoint an inquiry commission because allegations have been made against certain Ministers. So, the same Ministers cannot form the part of the inquiry committee. You cannot be a judge in your own cause. This is a simple principle of natural justice, therefore, an independent and impartial inquiry should be held to clear the names of those who have been alleged of making these mis-appropriations.

Thank you, Madam Chairperson.

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : سید فصیح اقبال !

<u>سید فصیح اقبال</u> : محترمہ میں نے تو کہا تھا کہ نیکسٹ ڈے بات کروں گا لیکن چلئے میں بھی کچھ تھوڑی بہت اپنی معروضات پیش کر دیتا ہوں ' جناب چیئرمین صاحب! میرے معزز ساتھیوں نے کچھ باتیں کی ہیں مجھے اتفاق ہے..............

میڈم ڈپٹی چیئرمین : فصیح صاحب ٹائم کا ذرا خیال رکھیں۔

سید فصیح اقبال : ٹائم کا مسئلہ۔ معاف کرنا اپنا مافی الضمیر بیان کریں گے، عبداللہ شاہ صاحب نے جو بڑی نہایت balanced تقریر کی ہے اور انہوں نے یہ ضرور کہا ہے کہ شکوک و شبہات ہیں ابھی تک یہ پتہ نہیں چل سکا کہ کوآپریٹو سکینڈل میں کون ماخوذ ہے کون نہیں ہے میں بھی اسی بات پر آؤں گا کہ جوڈیشل انکوائری ہو اور یہ مسئلہ بالکل صاف طور پر سامنے آ جائے کہ کون لوگ اس میں ملوث ہیں جہاں تک بینکنگ کی بات ہے سب سے پہلے تو انہوں نے کہا بینکوں کو نیشنلائز کرنا، جلدی میں ہوا، ٹھیک ہے ulterior motives نہیں تھے اتنی جلدی ملک میں پرائیویٹ بینکوں کو جب انہوں نے نیشنلائز کیا، "ایک غلط کام کیا اب ڈی نیشنلائز کرنا ایک بہت مسئلہ تھا بڑے غور و خوض کے ساتھ کرنا چاہئے تھا چند بینکوں کے لئے تو میں کہہ سکتا ہوں بہتر ہے لیکن اگر حکومت نے اپنی پوری اکانومی پرائیویٹ سیکٹر کے سپرد کی ہے تو میں سمجھتا ہوں یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے عادلانہ اور دانشمندانہ بلکہ ملک کیلئے بڑے خطرے کا باعث ہو سکتی ہے آپ کو پتہ ہے کہ میں تو اس کو اس انداز میں بھی لیتا ہوں کہ آج اس وقت کوئی 28 ہزار افراد ایک ایک بینک میں ملازم ہے نیشنل بینک میں 27 ہزار، حبیب بینک میں 29 ہزار، کوئی ڈیڑھ لاکھ ملازم ہے جس میں کم از کم صوبوں کا کوٹہ۔ کوئی پانچ، چھ ہزار میرے صوبے کا بنتا ہے جب پچھلی حکومت میں ہم نے بات اٹھائی تو ساڑھے تین ہزار صرف ہمارے بلوچستان کے افسروں اور ملازموں کا کوٹہ تھا، وہ نہیں ملا تھا۔

آج میں سمجھتا ہوں کہ یہ سازش چھوٹے صوبوں کے لئے ہو رہی ہے ایسے اداروں اور ایسے بینکوں کو ڈی نیشنلائز کیا جا رہا ہے کہ ہمیں ملازمت سے بھی محروم کیا جا رہا ہے لہٰذا اس کے دو مسئلے ہیں میں صوبہ بلوچستان سے تعلق رکھتا ہوں وہاں 15 ملین 25 ملین ڈیپازٹ ہے اور اس کے مقابلے میں چند کروڑ روپے بینکوں نے دیئے ہیں اس لئے کہ جب مسلم لیگ کی پچھلی حکومت آئی تو پچھلے وزیر خزانہ نے تمام صوبوں میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے لئے ایک ڈائریکٹر مقرر کیا اور یہ حکومت کا مستحسن قدم تھا کہ ہر صوبے میں برابری کی بنیاد پر ایسے افسران رکھے گئے جن کو یہ اختیار تھا کہ

وہ دو کروڑ روپے تک قرضے دے سکیں اب یہ عالم ہے کہ ابھی یہ سکیم پوری طرح ڈی نیشنلائنز نہیں ہوئی تمام بینکوں نے اپنے دفاتر اٹھالئے ہیں اور ہمارے صوبوں کی آئینی حق تلفی ہوئی ہے میں تو سمجھتا ہوں کہ جب تک تمام صوبوں کی اسمبلیاں فیصلہ نہ کریں یہ بینکوں کی ڈی نیشنلائنز کرنے سے روکا جائے۔ اس وقت یہ عالم ہے کہ ہمارے پاس دس ہزار گریجویٹ بیکار گھوم رہے ہیں۔ ایک سال تک تو ہماری حکومت نے بین لگا رکھا کہ بھئی زیادہ فاضل آدمی رکھے جاچکے ہیں لیکن جو چار پانچ ہزار آدمیوں کا بیک لاگ تھا وہ کیسے پورا کریں گے اب اگر آپ پرائیویٹ سیکٹر کو دیتے ہیں تو آپ بتائیے ان سرمایہ داروں کو دیکھیں پورے ملک کی انڈسٹری میں کس داؤد نے، کس سہگل نے، ولیکا نے پاکستان میں ایسے منصوبے بنائے ہیں جس میں عوام کی بہبودی کا خیال رکھا ہو۔ یہ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ حکومت بھی بزنس مین کے پاس ہو میں تو کہتا ہوں اور وزیر خزانہ سے درخواست کرتے ہیں اس پہلو کو مرحلہ وار دیکھیں اور اتنی جلدی بھی کیا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ دنیا کے لوگ ہنس رہے ہیں کہ پاکستان کے پاس تو اپنی بیمار انڈسٹری کے لئے پیسے نہیں ہیں آپ نے سوپونٹ دے دیئے پیسہ کہاں سے آئے گا اس کا مطلب ہے کہ آپ غیر ملکی آقاؤں سے قرضہ لیں گے یہ بلیک منی واپس آئے گا یہ کن لوگوں کا پیسہ واپس آئے گا۔ انہی سرمایہ داروں کا آئے گا جو ولیکا، سہگل اور داؤد کے نام پر ہے۔ آج قرضوں کی بات ہوتی ہے میں تو کہتا ہوں کہ پارلیمنٹ میں، ان سرمایہ داروں کے نام بھی پیش کئے جائیں وہ کیوں بچ رہے ہیں آپ کے ملک میں سہگل نے داؤد نے کیا کیا ہے انہوں نے اگر انڈسٹری بنائی ہے تو لائنس بیچ کر بنائی ہے انہوں نے قرضے لے کر بنائی ہے ان کا کبھی ذکر نہیں ہوتا ٹھیک ہے میں سمجھتا ہوں کہ قانون کے مطابق ہر پاکستانی کا حق ہے کہ وہ قرضہ لے لیکن اس اطلاق قواعد و ضوابط کے مطابق ہو، قرضہ لینا جرم نہیں ہے لیکن یہ دیکھئے کہ اس استعمال کہاں ہوتا ہے۔ ایک شخص نے 62ء میں دو ملیں لگائیں آج دیکھئے آج اس کی 32 ملین ہیں آپ یہ تحقیقات کروائیں اور اس پر جوڈیشل انکوائری تمام انڈسٹر یلسٹس کی بھی ساتھ ہو انہوں نے کتنا ٹیکس دیا ہے میں وزیر خزانہ صاحب کی توجہ اس طرف بھی دلاتا ہوں آج آپ نے بینک نیشنلائنز کئے ہیں آپ ٹیکس دے رہے ہیں۔ آپ کے پانچ چھ

بینک تو نقصان میں بھی نہیں ہیں، وہ ٹیکس دیتے ہیں اس لئے کہ پبلک سیکٹر ہے پرائیویٹ سیکٹر ٹیکس دیتا نہیں۔ یہ جتنے سرمایہ دار ہیں انہوں نے کروڑوں اربوں روپے ٹیکس کے نہیں دیئے پاکستان کے غریب آدمیوں کی جمع پونجی ساری بینکوں میں ہے اور وہ بینک جب پرائیویٹ سیکٹر کے پاس آئے گا پھر وہ ٹیکس نہیں دیں گے حکومت کو مزید نقصان ہو گا اس لئے حکومت کی یہ پالیسی بالکل غلط ہے سارے بینکوں کو آپ اس طرح نیلام عام پر چڑھا دیں آج نیشنل بینک کی ہے, آپ DFLs دیکھئے انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بینک سے پاکستان کے کچھ متوسط طبقے کو انڈسٹری ملی ہیں آج PICIC ہے این ڈی ایف سی ہے آخر اس حکومت کے پاس کیا ایسا جادو ہے کہ سب چیزیں لے کر آپ اپنا بجٹ چلانا چاہتے ابھی عوام میں اتنی غیرت ہے کہ اگر وہ اپنا ملک چلانا چاہیں تو ایک ایک روپیہ جمع کر کے ملک چلا سکتے ہیں لیکن یہ افسوس کا مقام ہے آپ اتنے بڑے فیصلے بغیر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لئے کرتے ہیں مجھے پتہ ہے کہ ایک سفید ہاتھی بینکنگ کونسل کھڑا ہے تو سٹیٹ بینک کے فرائض کیا تھے۔ کراچی کے اندر فنانس کمپنیاں بنیں وہ ٹی وی کے اندر اشتہارات لے کر ٹی وی جو حکومت کا اپنا ادارہ ہے یعنی حکومتی کنٹرول میں ہے فنانس کمپنیوں نے لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے ایسے ایسے اشتہارات دیئے اور وزراء اور صوبوں کے گورنر افتتاح کر رہے ہیں اس پر جب لوگ لٹ گئے تو سٹیٹ بینک آیا کہ ہم نوٹس دیتے ہیں افسوس یہ ہے اس میں حکومت برابر کی شریک ہے آپ انکوائری کرائیں سٹیٹ بینک کا بھی فرض ہے منسٹری فنانس کا بھی فرض ہے اور پچھلے دور میں سیاسی طور پر قرضے دیئے تو جناب منسٹری فنانس بھی تو پچھلی حکومت میں شامل تھی اس کو آپ نے کیوں سزا نہیں دی صرف بینکوں کو کیوں دی آپ کا ہاتھ صرف اس لئے چلتا ہے کہ ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوتی۔

میں سمجھتا ہوں کہ یہ پورا نظام تباہ ہو گیا ہے ایک بینکنگ کونسل ہے جس کا کوئی کام نہیں تھا۔ نیشنلائزیشن ایکٹ 1974ء میں تھا کہ وہ کنٹرول کرے گی ایک سپر باڈی کیوں بنائی گئی جب سٹیٹ بینک کا یہ کام تھا اب آپ دوبارہ پھر وہی غلطی کر رہے ہیں خدانخواستہ پاکستان کی معیشت کو کوئی نقصان پہنچا تو یہ حکومت اس کی ذمہ دار ہو گی میں سمجھتا ہوں کہ اس میں چھوٹے صوبوں کا خیال نہیں رکھا گیا اس لئے کہ میں

توسب سے پہلے یہ دیکھتاہوں کہ ہمارے صوبے میں اگر کبھی پرائیویٹ بینک آیا اس نے برانچ ہی نہیں کھولنی وہ سب برانچیں بند ہو جائیں گی میں کہتاہوں کہ دوسرے صوبوں میں ایک بہت بڑا بحران ہو گا ہمارا صوبہ سب سے پسماندہ ہے۔ میرے علاقے میں حکومت نے دو انڈسٹریاں لگائیں دونوں فیل ہیں ان کے مزدور در بدر پھر رہے ہیں بھوک سے مر رہے ہیں ان کو آپ تنخواہ نہیں دے سکتے اس لئے کہ یہ پاک ایران ہے ٹیکسٹائل مل چلتی نہیں ہے کس نے یہ لگائی تھیں آپ کے دانشور اور عقلمند جو اسلام آباد میں بیٹھے تھے ائرکنڈیشن کمروں میں انہوں نے کبھی سوچا بلوچستان میں ایک mineral country ہے orchirds ہیں باغات ہیں کبھی ایک فروٹ جوس فیکٹری گورنمنٹ نے نہیں لگائی حکومت پھر کہتی ہے کہ ہم لوگوں کے لئے کر رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس میں لوگوں کا بڑا نقصان ہو گا اور پاکستان میں اگر پرائیویٹ سیکٹر کو ترقی کرنی ہے تو آپ فری اکانومی کا نام لے کر ساری انڈسٹریز کیوں دیں فرٹیلائزر فیکٹری میں تو ابھی بینک کی طرف ہوں کیوں اس بینک سے ہٹ کر ....

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آپ بینکوں پر رہیں۔

سید فصیح اقبال : بینکوں میں ڈی ایف آئز میں نیشنل بینک کا آپ نے فیصلہ کیا پھر واپس لیا بڑا اچھا فیصلہ کیا لیکن انڈسٹریل بینک کو آپ کیوں کر رہے ہیں آپ نے آئی ایم ایف سے قرضے لئے ہیں آپ نے ورلڈ بینک سے قرضے لئے ہیں آپ پاکستان کی انڈسٹری کسی پارٹی کو دینا چاہتے ہیں میں کہتاہوں کہ پاکستان میں کوئی صنعتی گروپ ایسا نہیں ہے جس نے tax evade کیا ہو آپ کے سامنے موجود ہو گا کہ اس وقت پاکستان میں ایک ہزار نہیں ہزاروں خاندان ہیں اس لئے کہ بینکوں نے قرضے دیئے متوسط طبقے کے لئے غریب لوگوں کے لئے جو یہ تھوڑا بہت تھا گورنمنٹ کو کم از کم رجوع کر سکتے تھے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : فصیح صاحب ذرا ٹائم کا خیال رکھیں۔

سید فصیح اقبال : بس ایک منٹ جناب۔ میں یہ عرض کرنا چاہتاہوں کہ اس کو مرحلہ وار کرنا چاہئے فوری طور پر چاروں صوبائی اسمبلیوں میں دونوں ہاؤسز میں جب تک یہاں سے منظوری نہ ہو اس کو بالکل پرائیویٹائز نہ کیا جائے اور اگر یہ چار ہاؤس سمجھتے ہیں

اس میں ہمارے یونٹ کی بھی حق تلفی ہے کیونکہ یہ آئینی مسئلہ ہے ہم کیبنٹ میں کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے جو ہمارے عوام کو منظور نہ ہو اب بلوچستان اسمبلی کی قرارداد ہے وہ کہتے ہیں کہ ہمارے لوگ بیروز گار پھر رہے ہیں یہ بینکوں کو واپس لے رہے ہیں ایم سی بی نے تین چار برانچیں بند کر دی ہیں ابھی جمعہ جمعہ آٹھ دن نہیں ہوئے اس لئے کہ وہ profitable نہیں ہیں بزنس مین profit کے لئے آتا ہے آپ تو ایک بڑی خدمت کر رہے تھے میں کہتا ہوں کہ اس کو پبلک سیکٹر میں رہنا چاہئے۔ کم از کم حبیب بنک، نیشنل بینک اور این ڈی ایف سی یہ جو قومی ادارے ہیں ان کو بالکل پرائیویٹ نہ کیا جائے اور ہمارے چھوٹے یونٹوں کا میرے صوبے کا دلایا جائے۔

<u>میڈم ڈپٹی چیئرمین</u> : شکریہ جی، جناب اعجاز علی جتوئی صاحب، آخری مقرر

<u>جناب اعجاز علی خان جتوئی</u> : شکریہ! جناب میڈم چیئرپرسن، بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ ہمارے ملک کی جو scenario وہ یہ ہے کہ دو بڑی سیاسی قوتیں جو آج ہم اس ملک میں witness کر رہے ہیں۔ پیپلز پارٹی 1988ء کے الیکشن میں جیت کر آکر حکومت بناتی ہے 18 مہینے کے عرصے میں ان پر الزامات لگتے ہیں کہ وہ کرپشن کے worst cares میں ملوث تھی کوئی ٹین پرسنٹ، کوئی 15 پرسنٹ۔ دوسری طرف اسلامی جمہوری اتحاد 1990ء کے الیکشن کے نتیجے میں آج یہاں پر حکومت میں موجود ہے۔ اور اس کے ایک سال کے عرصے میں الزامات آئے ہیں وہ 90 فیصد تک پہنچ گئے ہیں ایک سال کے تھوڑے سے عرصے میں ہم نے یہ تو کم از کم approve کیا کہ ہمارے پاس کوئی ایسی پارٹی نہیں ہے جو نیشنل لیول پر یہ کہہ سکے کہ وہ اس ملک کو چلانے کی اہل ہوں بزنس مین کی اپنی tendency ہوتی ہے مجھے تو ڈر ہے کہ کل یہ جو بزنس مین ہمارا پرائم منسٹر ہے کل یہ کہہ دے کہ یہ ملک ہی مجھے benefit نہیں دیتا اس لئے اسے ہی disinvest کر دو۔ ہر چیز کو آپ نے داؤ پر لگایا ہوا ہے۔ پرائیویٹائزیشن کونسی پرائیویٹائزیشن؟ ہم نے تو بہت بڑی پرائیویٹائزیشن کی witness دی ہیں آپ نے دیکھا ہے کوئی زیادہ عرصے کی بات نہیں ہے آج جو صورت حال ہے وہ یہ ہے کہ بینکس کو

پرائیویٹائز کرنا ہے۔ وہ کیوں؟ کیونکہ دس ہزار کے اکاؤنٹ پر 50 کروڑ روپے کیسے ملیں گے۔ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ عوام میں سے کسی کو بھی دس ہزار کے اکاؤنٹ پر 50 کروڑ روپے ایک دن کے اندر دیئے جائیں گے۔ کیونکہ یہاں پر ہم نے ایک مافیا creat کرنا ہے۔ سیاسی طور پر ہماری جو حالت ہے وہ پہلے ہی یہ ہے کہ ہم directly American System سے کنٹرول ہورہے ہیں' ہماراجو وانسسرائے تھاوہ U.S. Ambassador تھا۔ economically آئی ایم ایف کے ذریعے پہلے ان کے غلام تھے۔ اب جب سے شریفائزیشن آئی ہوئی ہے اس ملک میں' بدمعاش زیشن اس ملک میں آئی ہوئی ہے' privatization آئی ہوئی ہے اس ملک میں' جناب چیئرمین میں سمجھتا ہوں کہ بڑے شرم کی بات ہے کہ ہماری دونوں largest political forces کو کل نکالا گیااور آج میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کی moral authority جو ہے وہ ختم ہو چکی ہے جب کہ treasury benches سے majority speakers نے اٹھ کر accuse کیا ہے پرائیویٹائزیشن کے سلسلے میں قرضوں کے سلسلے میں' یہ حکومت کئی صورتوں میں' کرپٹ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج ہم "علی بابا' چالیس چور" کی حکمرانی میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ ایک طرف سے بینکوں کی لوٹنگ شروع ہے' وہاں پیسوں کی بھرمار ہے' کواپریٹو سیکنڈلز میں جن لوگوں نے پیسے کھائے ہیں اب وہ واپس کئے جارہے ہیں' وہ بھی اس طرح کہ قرضے بھلے کر واپس کئے جارہے ہیں۔ آپ نے کروڑوں روپے کھائے ہیں۔ ہم اس بات پر خوش ہوئے جب ایک industrialist وزیراعظم بنا' ہم نے کہا کہ چلواس کا پیٹ بھرا ہوا ہے' یہ آ کر یہاں کرپشن نہیں کرے گا۔ لیکن انہوں نے بھی ایک سال کے اندر جو performance دی ہے' وہ یہ ہے کہ worst قسم کی کرپشن میں ملوث پائے گئے ہیں' accusation یہ ہے کہ ایک بھائی بیچ رہا ہے اور دوسرا بھائی لے رہا ہے۔ ایک بھائی کو پرائیویٹائزیشن کمیشن کا چیئرمین بنایا ہوا ہے وہ بیچ رہا ہے اور دوسرا بھائی اس کے ذریعے سے لے رہا ہے۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ آج ہم دنیا کے سامنے مجرم کی طرح کھڑے ہیں۔ کیا ہم میں یہ اہلیت ہے کہ ہم اس ملک کو چلا سکتے ہیں یہ فیصلہ ہمیں کرنا چاہئے۔ یہ فیصلہ ہمیں بڑے ٹھنڈے دل ودماغ کے ساتھ کرنا چاہئے کہ آج اگر ہم اس حکومت کو ہٹا رہے ہیں' جب اتنی anything can happen ہو رہی ہے' کچھ بھی ہو رہی ہے

serious allegations .... آرہی ہیں، treasury benches کی طرف سے
بھی، تو آپ اس حکومت کو مزید نہیں چلا سکتے یہ بات بالکل قطعی طور پر واضح ہے۔ اب
ہمارے سامنے دو choices ہیں، چونکہ میں نے پہلے ہی ذکر کیا ہے کہ دونوں largest
parties جو ہیں وہ اس وقت اپنے آپ کو prove کر چکی ہیں کہ وہ اہل نہیں ہیں، تیسری
choice یہ ہے کہ یہ quip کی طرح ایک پارٹی نے دیکھا کہ باقی ریجنل یونٹس ساتھ نہیں
چل رہے ہیں اس لئے انہوں نے فیصلہ کیا کہ بھائی جاؤ، اپنے اپنے طور پر politics
کرو۔ چونکہ نیشنل لیول پر جو دونوں فریق ہیں وہ اتنے متضاد ہیں۔ اتنے متضاد بن چکے ہیں،
اتنے contradictory ہو چکے ہوئے ہیں کہ ان کو مزید try نہیں کیا جا سکتا تو میں سمجھتا
ہوں کہ آج ہم فیصلہ کریں کہ آیا ہمیں اس ملک کو چلانا ہے یا اس ملک کو اس طرح سے
خرید کرنا ہے اور اس طرح فروخت کرنا ہے۔ اسی طرح سے عام سیل لسٹ پر لگانا ہے کہ
This country is for sale.

جناب! بات یہ ہے کہ بنکوں کو پرائیویٹائز کر رہے ہیں کہ بول رہے ہیں کہ profit نہیں آ رہا ہے۔ جناب! حبیب بنک کے سلسلے میں کیا خیال ہے وزیر خزانہ صاحب! آپ کو زیادہ پتہ ہو گا، حبیب بنک بھی لسٹ پر ہے کہ وہ profit نہیں کما رہا ہے۔ آپ ذرا ہاؤس کو on the floor یہ بتائیں کہ اس نے last year کتنا profit دیا ہے۔

مسلم کمرشل بنک، منشاء، حسب منشاء گروپ، من پسند منشاء گروپ، دل پسند منشاء گروپ، گہرا، شرفا اور شریف دوست منشاء گروپ، اس کو آپ نے peanut پر بیچا۔ کیا وہ بنک profit نہیں کما رہا تھا۔ اب نیشنل بنک آف پاکستان، کتنی humiliation ہوتی ہے محترمہ چیئرپرسن صاحبہ! گورنمنٹ ایک دن سٹیٹمنٹ دیتی ہے اور اس میں لسٹ دیتی ہے کہ ایک لسٹ دیتی ہے کہ ہم سارے کے سارے بنک جو ہیں وہ denationalize کر رہے ہیں۔ لیکن دوسرے دن ایک سٹیٹمنٹ آتی ہے کہ جی نہیں، ہم نیشنل بنک فروخت نہیں کر رہے ہیں۔ اگر ایسا کرنا تھا تو پھر اسے لسٹ پر کیوں رکھا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت پاکستان کے اندر چند families کی حکومت ہے۔ آپ اندازہ لگائیں 14 سو کروڑ روپے

تین families کے اندر distribute ہوئے ہیں۔ میں یہ بات on the floor of the House رکھنا چاہتا ہوں کہ ان تین خاندانوں نے 14 سو کروڑ قرضہ لیا ہے۔ جناب ! میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ آپ غریب کو غریب تر کرتے جارہے ہیں اور امیر کو امیر تر کرتے چلے جارہے ہیں۔ اس ملک میں مڈل کلاس eliminate ہوچکا ہے۔ مڈل کلاس cushion provide کرتا ہے، کسی بھی سوسائٹی میں، یہ مڈل کلاس جو ہے یہ بہت ہی important role play کرتا ہے۔ مڈل کلاس کے لئے اب یہ بات بہت مشکل ہو گئی ہے کہ وہ اپنا white collar جو ہے وہ white رکھے۔ آپ جناب ! class war کی طرف جارہے ہیں۔ اب بنالیں پیسے۔ شریف برادرز ہوں یا زرداری برادرز ہوں، منشاء گروپ ہو یا چوہدری برادرز ہوں۔ آپ پیسے بنالیں، آپ کے نام اب دیواروں پر لکھے جاچکے ہیں۔ آپ اس انڈسٹری کو ساتھ قبر میں نہیں لے جائیں گے۔ اب آپ جو اربوں روپے بیواؤں عورتوں کے پیسوں سے بنارہے ہیں، کو آپریٹو سکینڈل کے ذریعے سے بنارہے ہیں، یا کسی اور ذریعہ سے، میں کہتا ہوں کہ خدا کی لاٹھی بھی چلے گی، ایک natural course بھی ہے، جب قوموں کے اوپر مصیبتیں نازل ہوتی ہیں، مسلسل مصیبتیں نازل ہوتی ہیں، تو remedy nature provide کرتا ہے............

سید عبداللہ شاہ : پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : عبداللہ شاہ صاحب، پوائنٹ آف آرڈر۔

سید عبداللہ شاہ : محترمہ ! میری گزارش یہ ہے کہ

The honourable Senator has referred to Zardaris, his matter is pending in the court, the matter is subjudice, therefore, we cannot discuss about that case. This is my point of order.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : انہوں نے generally بات کی تھی۔ جناب اعجاز جتوئی صاحب ! آپ ذرا بنکنگ سسٹم پر concentrate کریں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : میں جناب ! بنکنگ سسٹم پر ہی بول رہا ہوں۔ ابھی فصیح صاحب نے کہا کہ ہم ایک ایک روپیہ جمع کر کے ان کی امداد کریں گے۔ میں کہتا ہوں ٹھیک ہے کہ آپ قوم کو حکم کریں تو ہم اپنے پیٹوں کو کاٹ کر ایک ایک روپیہ اکٹھا کریں گے اور جمع کرائیں۔ لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ بھائی ! ہم ایک ایک روپیہ جمع کرائیں گے

تو یہ پھر اسے لے جائیں گے۔ اسے "علی بابا..... چالیس چور" لے جائیں گے۔ اس کے بعد پھر کوئی دوسرا علی بابا آئے گا اور وہ اپنے ساتھ بیس چور اور لے آئے گا تو کیا آپ نے یہاں چوروں ہی کی حکومت بنانی ہے۔ آپ حکومتوں پر حکومتیں بناتے چلے جائیں گے۔

(مداخلت)

جناب اعجاز علی خان جتوئی : نہیں جناب! ہم تو کھا ہی نہیں سکتے، ہم تو اس criteria میں ہی نہیں آتے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اچھا! آپ اپنی بات کریں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جی! میں آپ سے عرض کروں کہ آپ نے مسلسل economically پر negative issues پر اپنے آپ کو align کیا۔ economic issues میں فارن پالیسی بھی important factor ہے۔ لیکن آپ نے کیا کیا۔ یو ایس ایڈ وہاں سے آپ کو temporarily ملی اس ایڈ کو لے کر آپ نے اپنے بجٹ میں ڈال لیا۔ کیا دنیا کے کسی بجٹ میں بھی ایڈ کو ڈالا جاتا ہے۔ پھر آپ نے ایک negative پر، افغانستان میں آپ نے جنگ لڑنی ہے، اس لئے آپ کو یو ایس ایڈ مل رہی ہے اور آپ خوش تھے لیکن کیا یہ جنگ سو سال تک چلتی رہنی تھی۔ میں عرض کرتا ہوں کہ آج economic situation یہ ہے کہ largest donar آپ کا جاپان ہے، جو آپ کے ہر loan کی گارنٹی دیتا تھا۔ جو آپ کی ہر حساب سے مدد کرتا تھا، انٹرنیشنل سطح پر، اس نے 20 ہزار ڈالر کی remittance کے لئے، فنانس منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے جواب دے دیا ہے کہ ہم اتنی گرانٹ remittance grant extend نہیں کر سکتے۔ انہوں نے چھ کی چھ وہی conditionalities دی ہیں جو کہ USA کی ہیں۔ یہ ملک economically crippled ہو چکا ہے۔ اب ہم یہاں کسی شریف + (☆☆☆☆☆☆ ☆☆) کو یہاں پر برداشت نہیں کر سکتے۔ یہ ملک afford نہیں کر سکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں پر ضروری ہے کہ ہم شریفوں اور + (☆☆☆☆☆☆☆) سے جان چھڑا کر کوئی صحیح آدمی لے آئیں۔

+(یہ الفاظ بحکم میڈیم ڈپٹی چیئرمین حذف کئے گئے)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : آپ الفاظ پر توجہ دیں۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح کا نظام آپ نے یہاں چلایا ہوا ہے، جس طرح سے آپ نے یہاں discontinuation کی ہے political process کی، 10 سال تو آپ نے یہاں مختلف نظام اپنائے۔ dictatorship کے ذریعہ۔ جس کی وجہ سے آپ اپنی economical condition دیکھ رہے ہیں کہ انٹرنیشنل سطح پر مجھے آپ بتائیں کہ آپ کے کتنے دوست ہیں جو ضرورت پڑنے پر آپ کی مدد کریں گے۔ جو آپ کی financially امداد کریں گے۔

جہاں تک اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کی بات ہے، وہ آپ نے دیکھ لیا ہے کہ ہم اپنے پاؤں پر تو کھڑا نہیں ہو رہے ہیں، میں تو سمجھتا ہوں کہ ہم یہاں اور دوچار فیملی کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے چکر میں ہیں۔ آپ نے دس بارہ کروڑ عوام کو mortgage کیا ہوا ہے۔ پہلے ہی ہمارا جو موجودہ سیاسی نظام ہے اس کی حالت یہ ہے کہ سب سے اعلیٰ ادارے Parliament highest supreme body کی حالت یہ ہے کہ اس کے بارے میں بھی پتہ نہیں ہے کہ یہ اپنی معیاد پوری کرے گا یا نہیں۔

اسکے علاوہ جب ادھر instability ہے political instability ہے economically آپ ختم ہو چکے ہیں۔ آنے والے زمانے میں مارچ کے ماہ میں ہم دیکھ رہے ہیں economical situation ہم اس ملک کی totally crippled ہو جائیں گے۔ ہم afford ہی نہیں کر سکتے۔ پھر یہاں سندھ میں آپ نے شوگر مل لگانی ہے۔ آپ پہلے جائیں اتفاق فاؤنڈری کے پاس اگر انہوں نے approved کر دیا تو آپ کا loan 63 کروڑ روپے منظور ہو گیا۔ اس سے پہلے ٹیلیفون آتا تھا کوئی اور ذات درج کیا ہوا تھا۔ آخر کار ہم کتنی ذات چلائیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جناب چیئرمین صاحبہ! اس وقت ایمانداری کے ساتھ ہماری حالت یہ ہے کہ عوام بالکل اکتا چکا ہے آپ کی ان حرکتوں سے، جب وہاں سے ممبر پارلیمنٹ elect کر کے بھیجتا ہے یہاں پر جب ہم oath لیتے ہیں آئین کے اندر آرٹیکل 63 موجود ہے کہ جو کرپشن کے حوالے سے یہاں ملوث پایا جائے تو اس کا ریفرنس move کیا جائے۔ جناب صدر خاموش کیوں بیٹھے ہیں؟ آپ فیڈریشن کے Head اور symbol ہیں۔ جناب صدر پاکستان آپ

پر یہ ذمہ داری پڑتی ہے اگر خاموش ہوتے ہیں تو کل آپ بھی ہم سب کی طرح جو لوگ یہاں خاموش ہیں ان کے ساتھ مجرم ہوں گے۔ بلا خوف و خطر سب کے خلاف ریفرنس move کریں۔ اگر میں corrupt ہوں تو مجھے بھی سیٹ چھوڑنی پڑے گی۔ کیونکہ پھر عوام کی نمائندگی کا تخیل ٹوٹ جاتا ہے۔ جب ہم یہاں آکر بیچتے اور بکتے ہیں جب ہم یہاں آکر اپنے offices کو غلط استعمال کرتے ہوئے اس ملک میں loans لینا شروع کرتے ہیں۔ ایک ڈیڑھ سال کے بعد یہاں یہ ہو جائے گا کہ یہاں پر انڈسٹری لگانا جرم ہو جائے گا۔ آپ نے یہ کیا بنایا اور آئندہ نسلوں کے لئے کیا بنایا ہے اور کیا انوسٹمنٹ دی ہے ہم اکیسویں صدی میں کیا لے کر جا رہے ہیں۔ جب کہ دنیا میں ٹیکنالوجی acquire کرنے کے لئے بڑی بڑی حکومتیں ٹوٹ رہی ہیں اور دنیا میں نئی نئی قوتیں پیدا ہو رہی ہیں۔ جرمنی اور ایسٹ یورپین بلاک پیدا ہو رہے ہیں آپ اکیسویں صدی میں کیا لے کر جا رہے ہیں آپ تو اکیسویں صدی میں یہ لے کر جا رہے ہیں کہ national level پر کوئی ایسی پارٹی نہیں جو non-controversial ہو اور ہمارے ہاں صوبائی لیول پہ پاگل لوگوں کو بٹھایا ہوا ہے اور دہشت گردوں کو بٹھایا ہوا ہے میں آپ کو بتاتا ہوں کہ آپ کی گردنیں اکیسویں صدی میں جھکی ہوئی ہوں گی۔ اور آپ کی آئندہ نسلیں آپ پر لعنت ماریں گی۔ مہربانی

(مداخلت)

Ch. Shujat Hussain: On personal explanation please.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : بہت وقت ہو گیا ہے جی۔ جناب چوہدری شجاعت حسین صاحب On personal explanation

چوہدری شجاعت حسین : محترمہ انتہائی مختصر الفاظ میں، چونکہ آپ نے کہا تھا کہ بعد میں جواب دینا۔ میں صرف ریکارڈ کی بات کروں گا اور جتوئی صاحب نے بھی ذکر کیا۔ میں انکی ایک بات سے ضرور اتفاق کرتا ہوں جب انہوں نے وزیروں کا نہیں کہا۔ اس میں انہوں نے کہا کہ سب کا احتساب ہونا چاہئے اس میں اپنے آپ کو بھی شامل کر لیا یہ میں سمجھتا ہوں کہ ان کی مہربانی ہے۔ میں جناب ریکارڈ کی بات کروں گا طارق چوہدری صاحب نے

ذکر کیا ہے باقی بینکوں کی تفصیلات تو وزیر خزانہ خود بیان کریں گے۔ لیکن انہوں نے میرا نام لے کر ذکر کیا ہے میں صرف ان کی یاد دہانی کے لئے عرض کرتا ہوں اور آپ کی وساطت سے انہیں میں یہ ضرور بتاؤں گا اور ہاؤس کو بھی بتاؤں گا کہ جب میں اپوزیشن میں تھا تو اس وقت ہمارے اوپر طرح طرح کے الزامات لگائے گئے چونکہ میرا بھائی صوبائی وزیر تھا اور میں یہاں پر تھا الزام لگائے گئے۔ اس وقت بھی صدر مملکت کی جا کر فائلیں دیکھ لیں اور اگر آپ چاہیں گے تو میں کاپی بھی مہیا کروں گا۔ جس میں، میں نے لکھا تھا صدر صاحب کو کہ آپ میرے خلاف ریفرنس move کریں یہ تحریری ثبوت ہے جو وہاں پر موجود ہے۔ اس سے کوئی آدمی انکار نہیں کر سکتا میں کل آپ کو اگر آپ چاہیں گے تو میں انہیں بتا دوں گا۔ اس لئے میں یہ ضرور کہوں گا کہ قرضے کا جہاں تک تعلق ہے نہ قرضے لینا جرم ہے اور نہ قرضے دینا جرم ہے۔ لیکن جرم یہ ہے کہ قرضے لے کر واپس نہ کرنا defaulters ہونا یا کسی نے bankrupt ہونا یہ چیزیں ہیں جو قرضوں کے خلاف جاتی ہیں۔ اور باقی صنعتوں کے لئے قرضے لینا قطعاً جرم نہیں۔ میں نے پہلے بھی اپنے آپ کو پیش کیا تھا جب میں اپوزیشن میں تھا جب ان کی حکومت تھی۔

جناب محترمہ! میں یہ کہوں گا کہ اس وقت وزیر اعظم بے نظیر تھی ان کی اپنی حکومت تھی ریفرنس میں انہیں نہیں بھیج سکتا تھا۔ وہ صدر مملکت کو بھیجنا تھا۔ اسلئے میں نے صدر صاحب سے ملاقات کی اور انہیں میں نے لکھ کر دیا اور رسید حاصل کی اور اس کے اوپر date حاصل کی۔ یہ ابھی بھی میرے پاس موجود ہے۔ اور اس وقت بھی وہ ریفرنس ان کے پاس موجود ہے۔ میں پچھلے دنوں جب ان سے ملا تو اس وقت بھی ان کو یاد دہانی کرائی۔ میں نے کہا جناب ہر ایک کا احتساب ہونا چاہئے اور ہم اپنے آپ کو احتساب کے لئے پیش کرتے ہیں۔ سب کے سامنے آجائے کہ کیا قرضے لئے کیا کو آپریٹو نے دیا اور لیا یہ سب چیزیں سامنے آجائیں گی۔ یہ ڈس انفارمیشن جو ہمارے ملک میں چل رہی ہیں۔ ابھی جتوئی صاحب نے کہا کہ 16 ارب روپیہ تین خاندانوں میں تقسیم ہو گیا یہ ہر چیز سامنے آ جائے گی۔ لیکن کوئی تو ادارہ ہو جو ان کو دیکھے۔ اب ہم نے اپنے آپ کو پیش کیا ہوا ہے اب آپ چاہیں تو ہاؤس ادارہ بنا دے صدر صاحب ادارہ بنا دیں یا کوئی ادارہ بنا دے ہم اس کے سامنے پیش ہوں گے۔ اس میں اب یہ بھی ہو گا کہ ہر ایک کو پیش ہونا پڑے گا

چاہے وہ کوئی سینٹر ہو یا ایم این اے ہو جو بھی آدمی سیاست میں ہے اس کو اپنا حساب دینا پڑے گا چاہے وہ اپوزیشن میں ہو یا حکومت میں ہو۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : اب ٹائم تو نہیں ہے۔ بہر حال جی عالم علی لالیکا صاحب۔

میاں عالم علی لالیکا : شکریہ محترمہ! میں انتہائی اختصار کے ساتھ عرض کروں گا کہ

ذکر چھڑ گیا جب قیامت کا
بات پہنچی تیری جوانی تک

موشن تو ہے present banking system کو تبدیل کیا جائے۔ لیکن بات بڑھتی بڑھتی کہاں تک جا پہنچی۔ میں حافظ حسین احمد صاحب سے سو فیصدی متفق ہوں کہ ہمیں بینکنگ سسٹم کو تبدیل کرنا ہے اگر اس کو غلط استعمال کیا جاتا ہے اس سے غلط قرض لیا جاتا ہے اثرات استعمال کئے جاتے ہیں تو وہ حکومتی شعبے میں بینک ہوں تب بھی کیا جائے گا اور اگر نجی شعبے میں چلے جائیں گے تب بھی کیا جائے گا۔ وہ بات تو چلتی رہے گی۔ کیونکہ گوشت خور کو تو گوشت ملتا ہی رہے گا اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے میں تجویز کروں گا کہ ہمیں بینکنگ سسٹم کو اسلامی نظام معیشت کے مطابق چلانا چاہئے صورت حال یہ ہے کہ زراعت پیشہ ہونے کے ناطے میں یہ عرض کروں گا کہ

ہنستے تھے ایک دن در و دیوار میرے ساتھ
یا رو رہے ہیں در و دیوار اب مجھے

اب ہماری کیفیت یہ ہے کہ ہم سمجھتے ہیں کہ ہماری طرح ذمہ دار آدمی دنیا میں اور کوئی نہیں ہے میں اتنی التجا ضرور کروں گا کہ جیسے چوہدری صاحب نے فرمایا ہے کہ کوئی کمیٹی قائم ہونی چاہئے اس سے زیادہ اسلامی جمہوری اتحاد کی حکومت اپنے ہاتھ صاف دکھا سکتی ہے اس سے زیادہ صفائی میں اور کیا کہہ سکتی ہے اس کے لئے عدالتی انکوائری کے لئے بھی تیار ہیں اس میں سب چیزیں طشت ازبام ہو جائیں گی۔ میں تو صرف اتنا عرض کروں گا کہ بینک خواہ نجی شعبے میں ہوں یا وہ پرائیویٹ شعبے میں ہوں ان سے ایک حلف لے لیا جائے اور وہ یہ کہ یا زراعت پیشہ لوگوں کو صنعتکار سمجھ لیں یا صنعتکار لوگوں کو زراعت پیشہ۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب سرتاج عزیز صاحب..........

(مداخلت)

جناب اعجاز علی خان جتوئی : جناب ! حکومت کی طرف سے یہ offer آئی ہے لہٰذا انکوائری کے لئے سپریم کورٹ کے ججوں کو مقرر کیا جائے۔ ہم اپنے آپ کو پیش کرنے کے لئے تیار ہیں۔ حکومت خود constitute کرے اور یہ کر سکتی ہے............

سید اقبال حیدر : آن پوائنٹ آف آرڈر۔ صرف ایک مختصر سا نکتہ ہے اس میں قانونی سقم یہ ہے کہ وہ درخواست صدر صاحب کو کرنے کی بجائے وہ وزیر اعظم سے درخواست کریں کہ وہ صدر کو سفارش کریں کہ ان کے خلاف ریفرنس دائر کرے کیونکہ صدر اپنی صوابدید میں ریفرنس دائر کرنے کا مجاز نہیں ہے۔

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : سید فصیح اقبال صاحب !

سید فصیح اقبال : محترمہ ! ہمارے بہت سے معزز ساتھیوں نے شوگر ملوں کا ذکر کیا ہے۔ پنجاب کا، سندھ کا، بلوچستان واحد بد قسمت صوبہ ہے جس کے پاس کوئی شوگر مل نہیں ہے لہٰذا میں آپ کے توسط سے بتاتا ہوں وزیر خزانہ کو کہ کم از کم باقی کو پرائیویٹ کر دیں ایک بلوچستان میں شوگر مل قائم کر دیں۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : وزیر خزانہ جناب سرتاج عزیز !

(مداخلت)

میڈم ڈپٹی چیئرمین : Please no cross talk. کچھ آپ لوگوں کا ماحول نیشنل اسمبلی کی طرح ہوتا جا رہا ہے اس سے ذرا اجتناب کریں۔ اس کی میں اجازت نہیں دوں گی۔

جناب سرتاج عزیز : جناب والا ! اس وقت جس موشن پر ہم بات کر رہے ہیں وہ Present Banking System in the country ہے اور اس حوالے سے بینکنگ پر کچھ بات ہوئی لیکن زیادہ باتیں سیاسی نوعیت کی ہوئیں اور دیگر مسائل پر بھی ہوئیں جو اس سے پوری طرح تو متعلق نہیں تھے لیکن کھینچ تان کر متعلق کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس لئے میں بینکنگ کے بنیادی مسائل کی طرف آتا ہوں کیونکہ یہ بہت ضروری ہے کہ جو پالیسیاں قومی مفاد میں ہوں یا قومی تقاضوں کے مطابق ہوں ان کو وقتی سیاست کی بھینٹ نہ چڑھایا جائے۔ اگر یہ بحث چلی تو صرف پاکستان میں نہیں چلی کہ Nationalized V/s De-nationalized Public Sector V/s Private Sector اس کا رول کیا ہونا

چاہئے۔ دونوں نظاموں میں خرابیاں بھی ہیں خوبیاں بھی ہیں اور دنیا میں کئی مثالیں موجود ہیں کہ بعض ممالک میں جیسے سپین جہاں پر سوشلزم کا نظام بہت مضبوط تھا اور نظریاتی طور پر اس کے تقاضے پورے ہو رہے تھے تو وہاں وہ کامیاب بھی ہوا لیکن بیشتر ممالک میں نیشنلائزڈ نظام جو ہے پبلک سیکٹر کا نظام جو ہے وہ کامیاب نہیں ہوا۔ اس وقت اگر آپ یہ تصفیہ کرنا چاہیں کہ آیا بینکوں کو نجی ملکیت میں دینا چاہئے کہ نہیں تو جس طرح سینٹ کی اب تک یہ روایت رہی ہے کہ اس کو بڑے مدلل طریقے سے اور بڑے بنیادی طریقے سے دیکھا جائے اور اس موضوع پر جو سیاسی پروپیگنڈہ ہوا ہے اس کو سامنے رکھ کر اتنے بنیادی فیصلے پر رائے کا اظہار نہ کیا جائے اگر آپ دیکھنا چاہیں کہ پچھلے سترہ سال سے جب سے بینک نیشنلائز ہوئے ہیں اس کا ریکارڈ کیا ہے تو اس پر جو ممبر بھی تجزیہ کرنا چاہیں وہ بڑی خوشی سے کر سکتے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ شروع میں دو تین سال کچھ فائدہ ضرور ہوا کہ branches in less developed areas میں کھل گئیں کچھ lower income groups کو قرضے زیادہ ملنے شروع ہوئے لیکن مجموعی نیشنلائزڈ بینکنگ کا تجربہ ہمارے ہاں کامیاب نہیں ہوا۔

یہ بات میں پوری ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں اپنی پوری professional responsibility سے کہہ رہا ہوں کہ ہمارے ہاں nationalized banks کا تجربہ کامیاب نہیں ہوا۔ اب اگر ممبران یہ ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ہمارے ہاں پرائیویٹ بینکوں سے یہ خرابیاں پیدا ہوں گی تو پھر اس قوم کا اللہ ہی حافظ ہے۔ دنیا بھر میں مجھے ایک ملک بتا دیں جس نے بنکوں کی نیشنلائزیشن کے ذریعے اچھی ترقی کی ہو۔ روس کا حال آپ کے سامنے ہے' یورپ کا حال آپ کے سامنے ہے۔ جن جن ملکوں میں نیشنلائزیشن ہوئی ہے وہ آپ کے سامنے ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ نج کاری کا عمل بغیر کسی ترتیب کے' بغیر کسی نگرانی کے انتظام کے ہو۔ Monopoly Control Authority کا سا کوئی ادارہ ہونا چاہئے۔ بنیادی بات یہ ہے جیسا کہ کل میں نے انڈسٹری کے حوالے سے کہا آج بینکوں کے حوالے سے کہہ رہا ہوں کہ نیشنلائزڈ بینکوں کا نظام ہماری معیشت کی ترقی اور مستقبل کی ضمانت نہیں دے سکتا اور اس میں صرف منافع کی بات نہیں ہے اس کا جو مجموعی نظام ہے آپ کوئی کرائی ٹیریا لے لیجئے Total staff, per unit of lendings, total returns on capital invested, total returns deposits, proportion of bad loans, proportion of ineffective protfolios.

دس criteria ہیں جو international level پر لاگو ہیں۔ اس وقت میں تفصیل میں نہیں جا سکتا۔ تمام کرائی ٹیریا پر ہمارا نظام پورا نہیں اترتا۔ میں تو یہ بھی کہوں گا جو بہت سی خرابیاں اس وقت آپ دیکھ رہے ہیں finance companies کے حوالے سے cooperatives کے حوالے سے وہ اس لئے پیدا ہوئیں کہ Nationalized banking نے عوام کو وہ سہولت مہیا نہیں کی جہاں پر وہ ایک اچھا return دے سکتے اور ان کی savings mobilize کر سکتے ہیں nationalized banks کے پاس اتنی liquidity تھی اور بہت سے دوستوں کو یاد ہو گا کہ 1971ء سے پہلے جب بینک قومی ملکیت میں نہیں تھے تو حبیب بینک 'نیشنل بینک اور یونائیٹڈ بینک میں پوری compaigns ہوتی تھیں لوگوں کے deposits mobilize کرنے کے لئے میرے اور دوسرے کے پاس آتے تھے کہ جی آپ کے پاس پیسہ ہے آپ ہمارے پاس رکھیں پچھلے 15 '20 سال میں بینکوں نے deposits mobilize کرنے میں کوئی role play نہیں کیا کیونکہ monopoly تھی liquidity آرہی تھی۔ حکومت 6 فیصد پر ان سے لے رہی تھی اور کسی کو 7 فیصد۔ کون اس شرح پر ان میں پیسے رکھے گا جو تجارت کی مجبوری پیسے جا رہے تھے وہ جا رہے تھے۔ اسی لئے اگر ایک کمپنی آئی اور اس نے غلط کاروبار کے ذریعے کسی کو کہا میں 15 فیصد دوں گا۔ انہوں نے وہاں پیسے رکھ دیئے' کو آپریٹو نے کہا میں 20 فیصدی منافع دوں گا لوگوں نے وہاں رکھ دیئے تو یہ vacuum جو ہمارے بینکنگ کے نظام میں create ہوا ہے اس کی وجہ سے لوگوں کے پیسے لوٹے گئے اور یہ اسی nationalization کی وجہ سے ہوا تو نہ صرف یہ کہ جو تقاضے تھے ترقی کے پرائیویٹ سیکٹر کے لوازمات پورے کرنے کے agriculture کے high technology investment کے promotional banking کے high value investment کے نہ صرف وہ پورے نہیں ہوئے بلکہ وہ خرابیاں بھی پیدا ہوئیں جن کی وجہ سے لوگوں کے پیسے ضائع ہوئے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اتنی بنیادی اصلاح ہے کہ اس پر رائے کا اظہار کرنے سے پہلے اس معزز پارلیمنٹ کے اراکین کو چاہئے کہ وہ تمام حقائق اور تمام دلائل کا پوری طرح جائزہ لے لیں تاکہ وہ اس پر صحیح رائے کا اظہار کر سکیں۔

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ de-nationalization کس طریقے سے

ہونی چاہئے' کس رفتار سے ہونی چاہئے' کتنے بینک ہونے چاہئیں' کون سے نہیں ہونا چاہئیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جو قوم نے سوشل مقاصد تھے وہ de-nationalization سے پورے نہیں ہوئے۔ آپ کا صرف ایک تقاضا پورا ہوتا ہے کہ ترقی کی رفتار تیز ہو' سرمایہ کاری زیادہ ہو' سیونگز زیادہ mobilize ہوں projects سب merit پر ہوں' بینک فعال ہوں' پبلک کو سروس اچھی دیں لیکن جو دوسرے تقاضے ہیں کم ترقی یافتہ علاقوں میں مثلاً وہاں بینکاری کیسے کی جائے' جو چھوٹے لوگ ہیں ان کو کیسے قرضے دیئے جائیں' زراعت کے قرضے کیسے دیئے جائیں' یہ ایک پورا نظام ہے اور اس کو کوئی بھی dismantle نہیں کر رہا agriculture bank کو کوئی privatize نہیں کر رہا Small Business Finance Corporation کو کوئی privatize نہیں کر رہا۔ Youth Investment Promotion کو کوئی privatize نہیں کر رہا Regional Finance Corporation کو کوئی privatize نہیں کر رہا۔ اس وقت میں تفصیل سے اعلان نہیں کر سکتا۔ ہم پبلک سیکٹر میں ایک نیا rural bank شروع کر رہے ہیں جو صرف دیہی عوام کو چھوٹے قرضے دے گا۔ اس کی سکیم انشاءاللہ ایک دو مہینے میں ہمارے سامنے آجائے گی تو وہ تقاضے سب پورے ہوں گے۔

یہ کہنا کہ چونکہ ایک بینک نے کسی کو 30 کروڑ قرضہ دے دیا تو privatization policy رک جانی چاہئے۔ یہ منطق میری سمجھ میں بالکل نہیں آتی بلکہ جب سے مسلم کمرشل بینک نجی ملکیت میں آیا ہے اس کے deposits بڑھ گئے۔ اس کی سروس کی کوالٹی اچھی ہو گئی ہے' اس نے نئی نئی سروسیں شروع کی ہیں اور وہاں یہ نہیں کہ صرف بڑے depositors جا رہے ہیں بلکہ چھوٹے بھی جا رہے ہیں۔ وہ کیوں وہاں پر زیادہ جاتے ہیں کیونکہ ان کو سروس بہتر ملتی ہے۔ ہمارے ہاں آج آپ اپنے لوگوں سے پوچھ لیں کہ قرضے کی درخواست دیں تو کتنے مہینے کے بعد ان کو جواب ملتا ہے' کیا وہاں قرضے سفارش سے ملتے ہیں' کیا رشوت سے ملتے ہیں اس کے بغیر کسی کو قرضے نہیں ملتے (نیشنلائزڈ سیکٹر میں) کیونکہ ایک civil servant جس کے اوپر political نگرانی بھی نہ ہو کون اس کی نگرانی کر سکتا ہے۔ اور یہ بھی دیکھ لیں کہ ہمارے ہر بینک میں جتنا سٹاف موجود ہے اس سے دوگنا کاروبار ہو سکتا ہے کہ نہیں اور اسی لئے پرائیویٹ بینک جو

ہوں گے آپ دیکھیں گے ان کی کارگزاری اس لحاظ سے بہت بہتر ہوئی۔ میں سمجھتا ہوں کہ کچھ نہ کچھ مسائل ضرور ہیں جن کی نشاندہی کی گئی لیکن وہ جو بنیادی نکتہ ہے کہ de-nationalization of banks ہمارے لئے ضروری ہے اس کو نہیں جھٹلاتی اس پر میں مختصر بات کرنا چاہتا ہوں۔

سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ اس میں جس طرح کہا گیا کہ جو nationalization کا عمل ہے وہ صحیح طریقے سے کیا جائے۔ اس سلسلے میں 'میں کل بھی Privatisation Commission دعوت دے چکا ہوں انشاءاللہ عنقریب اس کی تفصیل کی briefing میں ہم دیں گے میں پھر اس بات کا اعادہ کرتا ہوں یہ بات کہ جی مسلم کمرشل بینک اونے پونے بیچا گیا ذرا مہربانی کر کے 1990ء میں جو پیپلز پارٹی نے اپنا بجٹ پیش کیا تھا اور Finance Bill کے ذریعے کر کے رقم رکھی تھی 360 یا 370 کروڑ رکھی تھی کہ یہ بینک ہم سوفیصد de-nationalize کریں گے ہمیں اتنا پیسہ ملے گا حالانکہ فوری طور پر de-nationalization کی کوئی صورت نظر نہیں آتی لیکن انہوں نے اپنے حساب سے اس کی قیمت یہ لگا کر اور وہ consultant جس نے رپورٹ لکھی تھی وہ پچھلی حکومت نے مقرر کی تھی اور ہم نے 26 فیصد حصص اگر 83 کروڑ کے بیچے ہیں اس کو اگر آپ چار سے ضرب دیں تو 30 کروڑ اسی اندازے کے مطابق رقم آتی ہے جو پچھلی حکومت نے تعین کیا تھا تو اونے پونے کہاں سے ہو گیا اور یہ ایک گروپ نہیں تھا 12 گروپوں کا consortium تھا اور کمیٹی نے اس کو pre-qualify کیا جس کے مطابق ان کو وہ بینک دیا گیا۔ per share value نہیں تھی اور ان کی total value تھی liabilities چونکہ زیادہ تھیں تو اس کے مطابق یہ 330 یا 325 کروڑ بنا۔ الائیڈ بینک کی قیمت per share 220 کروڑ بنی لیکن total shares کی تعداد کم تھی فی shares کی value زیادہ تھی total value زیادہ نہیں تھی اور workers نے اپنی مرضی سے وہ bid دی تھی کیونکہ اس کی valuation اسی طرح بنتی تھی تو ایک دو سطحی فکرز دیکھ کر یہ نتیجہ نکالنا کہ وہ چونکہ ہم نے کسی منظور نظر کو دینا تھا اس لئے سستا دے دیا workers کو دینا تھا مہنگا دے دیا اس طرح سے تنقید نہیں کرنی چاہئے جب تک کہ پورے facts کو verify نہ کرلیا جائے۔

اسی طرح co-operatives کی بات کی گئی اور جو نظام کو تبدیل کرنے کی بات کی گئی میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم واقعی نظام میں ایک بنیادی تبدیلی لا رہے ہیں کیونکہ حکومت کو ایک بنیادی فیصلہ کرنا ہے کہ اسے کیا کام کرنا ہے اور وہ کیا کام صحیح طریقے سے کر سکتی ہے۔ میں مودبانہ عرض کروں گا کہ بنکاری کرنا کسی بھی ترقی یافتہ ملک میں حکومت کا کام نہیں ہے۔ حکومت کا کام ایک فریم ورک مہیا کرنا ہے۔ پالیسی مہیا کرنا نگرانی کا انتظام کرنا تاکہ یہ کاروبار صحیح طریقے سے ہو۔ ایشیائی ملکوں میں بھی چاہے کوریا میں دیکھ لیں، چاہے تھائی لینڈ میں دیکھ لیں، چاہے ملائیشیا میں دیکھ لیں، ترکی میں دیکھ لیں وہاں زیادہ تر یہ نظام پرائیویٹ سیکٹر میں پچھلے دس سالوں میں ترقی کی ہے۔ امید ہے کہ ہم بھی اسی منزل پر جا سکیں گے۔ حافظ صاحب نے جو کہا کہ اسلامائزیشن کا عمل اس پر آئی ایم ایف ورلڈ بنک اور باقی اسلامی ممالک کی رپورٹیں آپ دیکھ لیں سب نے یہ کہا ہے کہ پاکستان نے جتنے اسلامی Islamic modes of financing شروع کئے ہیں دوسرے کسی اسلامی ملک نے شروع نہیں کئے۔ ہمارے پاس اس وقت مختلف قسم کے موڈ آف فنانسنگ ہیں۔ مضاربہ بھی موجود ہے، leasing بھی موجود ہے، مارک اپ سسٹم بھی موجود ہے، شارکہ بھی موجود ہے اور بیشمار قسم کے اس وقت avenues موجود ہیں جس میں ہم نے سودی نظام کا متبادل نظام پیش کیا ہے اور شریعت بل کے تحت ایک کمیشن بنایا ہے جو اس میں مزید پیش رفت کے لئے تجاویز پیش کر رہا ہے اور میں سینٹرز صاحبان سے گزارش کروں گا کہ وہ اس سلسلے میں ان کو ضرور اپنی تجاویز دیں۔ لیکن ہم صرف ownership تبدیل نہیں کر رہے ہم ایک بنیادی تبدیلی لا رہے ہیں کہ حکومت صرف وہ کام کرے، جو وہ صحیح کر سکتی ہے اور جس طرح ہمارا معاشرہ ہے جس طرح ہمارا سیاسی نظام ہے اس میں کارخانے چلانا روئی یا چاول بر آمد کرنا یا بنک چلانا یہ حکومت کا کام نہیں ہے اور پچھلے سترہ سال میں ثابت ہو گیا کہ یہ کام حکومت صحیح طریقے سے نہیں کر سکتی اس لئے یہ کام ان کو دیا جائے جو یہ بہتر طریقے سے کر سکتا ہے۔

چونکہ اس بات کا اپوزیشن نے پروپیگنڈہ کیا تو یہ سب نے قبول کر لیا کہ یہ سارا کام اس لئے ہو رہا ہے کہ چھ خاندانوں کو مالدار کیا جا رہا ہے۔ خدا کے لئے ایسی پالیسی اور ایسے پروپیگنڈہ کو face value پر قبول نہ کریں۔ اگر کوئی political motive ہے اس کو

تو accept کریں گے لیکن باقی ممبران سے میری گزارش ہے کہ وہ اس پروپیگنڈے کو face value پر accept نہ کریں جو عمل جاری ہے وہ قوم کی بقاء اور ترقی کے لئے بہت ضروری ہے اور مہربانی کر کے اس کو پوری طرح سمجھ لیں پھر اس پروپیگنڈہ کو accept کیا جائے جس طرح ابھی کہا گیا کہ 1400 کروڑ تین خاندانوں نے اس طرح لے لئے کہ فلاں یہ ہو گیا یہ سب غلط پروپیگنڈہ ہے اور اس کی تردید کی جا چکی ہے۔ لیکن جو لوگ صرف سیاسی مقاصد دیکھتے ہیں وہ تردید کو نہیں پڑھتے اسی چارج کو بار بار repeat کرتے جاتے ہیں اور اس سے پھر ایسے نتائج اخذ کرتے ہیں جو ہماری بنیادی پالیسی اور قومی مفادات کی طرف جاتے ہیں اسی طریقے سے میں ایک سوال کے جواب میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ supervision اور monitoring کا پورا جو نظام ہے بینکنگ کا بھی مضاربہ کا بھی کوآپریٹوز کا بھی اس کو بہت تقویت دے رہے ہیں یہ عمل ساتھ ساتھ چل رہا ہے اور یہی ہماری ضرورت ہے اور ہماری مثال کو دنیا میں quote کیا جا رہا ہے بلکہ کل ہی ہم نے مضاربہ پر میٹنگ کی ہے اس کا پورا supervision نظام conditions criteria اور سسٹم جو ہے اس پر میں چند دنوں میں انشاء اللہ اعلان کروں گا مضاربہ اور کوآپریٹوز پر اسمبلی کی سفارش پر ایک کمیٹی بنی ہے جو اس نظام کو بہتر کرنے کے لئے تجاویز پیش کرے گی اور سٹیٹ بنک کا بنکوں کو کنٹرول کرنے اور سپروائز کرنے کا رول جو ہے اس کے لئے بھی ہم نے ایک پورا ڈیپارٹمنٹ بنایا ہے جو انشاء اللہ عنقریب کام شروع کر دے گا۔ آخر میں میں گزارش کروں گا ڈی نیشنلائزیشن اور پرائیویٹائزیشن کی پالیسی کافی پیچیدہ پالیسی ہے۔ دنیا بھر میں اس پر ڈیبیٹ ہو رہی ہے ہمارے ہاں بھی اس پر ڈیبیٹ ہونی چاہئے جو خدشات اور رائے پیش کی جا رہی ہے اس پر پوری طرح غور کرنا چاہئے اور ہم ضرور غور کریں گے۔ کوئی بھی پالیسی ایسی نہیں ہوتی جس کے فوائد ہی فوائد ہوں اور نقصان و خدشات نہ ہوں۔ صرف بنیادی بات جو ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے نیشنلائزڈ بنکنگ کا سسٹم جو ہے وہ کامیاب نہیں ہوا ہمیں اب دوسری طرف جانا ہے۔ احتیاط سے جانا چاہئے اس طریقے سے جانا چاہئے کہ اس کا فائدہ چند خاندانوں کو نہ پہنچے یہ بھی ضروری ہے کہ اس کے لئے control or supervision کا نظام صحیح بنایا جائے۔

میں صرف یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ہم واقعی نیک نیتی سے خلوص سے اس قومی مفاد کی پالیسی پر عمل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تمام برادر سینٹروں کا یہ فرض ہے وہ اس کو سمجھنے کے لئے جتنی اطلاع ہم سے چاہتے ہیں وہ ہم دینے کے لئے تیار ہیں۔ ہمارے ساتھ کمیٹی میں بیٹھ کر یا سپیشل بریفنگ میں بیٹھ کر ان تمام پہلوؤں کو سمجھ کر اس کے بارے میں رائے پیش کریں اس کو بہتر کیسے بنایا جا سکتا ہے ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ ہر چیز پرفیکٹ ہو سکتی ہے اور اس میں improvement کی گنجائش نہیں ہے تاکہ یہ عمل جو قومی مفاد میں ہے اس کو بہتر سے بہتر طریقے سے کیا جائے اور اس کے وہ مقاصد جو ہمارے سامنے ہیں وہ پورے کئے جا سکیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اشتیاق اظہر صاحب کا پھر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے اس اہم موضوع پر یہ موشن پیش کر کے مجھے یہ موقع دیا کہ میں یہ وضاحتیں پیش کر سکوں تاکہ اس پالیسی پر جو آئندہ بحث ہو قومی سطح پر اخبارات میں اور اس پارلیمنٹ میں وہ ان حقائق کی روشنی میں ہو جو بنیادی تقاضے ہیں۔ ان کی روشنی میں ہو اور جو وقتی پروپیگنڈہ اور سیاسی تقاضے ہیں ان کو قومی مفاد اور مقاصد کے اصولوں پر قربان نہ کیا جائے۔ شکریہ !

میڈم ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جناب سرتاج عزیز صاحب۔ جناب اشتیاق اظہر صاحب !

جناب اشتیاق اظہر : میڈم چیئرمین ! میں نے جو تحریک پیش کی تھی اس کا کوئی سیاسی مقصد نہیں تھا اور میں نے جو پوائنٹ اٹھائے تھے مجھے بڑا افسوس ہے جناب سرتاج عزیز نے ان کا ذکر نہیں کیا اور میں آخر میں پھر انہی کی بات کہنا چاہتا ہوں سینٹ کی جو سٹینڈنگ کمیٹی فنانس کی ہے اس کے سامنے سارے معاملات لائے جائیں۔ اس میں لین دین ہو اس بات کو بھولنا نہیں چاہئے۔

جناب سرتاج عزیز : میں یہ عرض کر دوں کہ بنکنگ کونسل خود ہی قائم ہو جائے گی جب بنک پرائیویٹائز ہو جائیں تو پھر ان کی بات پوری ہو جائے گی۔

Madam Deputy Chairman: The motion has been discussed. Now, the House is adjourned to meet again tomorrow *i.e.*, 7th November at 10.00 a.m.

[*The House then adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Thursday, November 7, 1991*].

PCPPI—21(96)/Senate—27-10-96—180 Books.